# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Tuesday, the August 12, 2025
(353rd Session)
Volume XVIII, No. 01
(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*
Volume XVIII SP.XVIII(01)/2025
No. 01 05

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ....1
2. Panel of Presiding Officers ....1
3. Oath-taking by newly elected Members ....2
4. Motion under Rule 263 for Dispensation of the Rules ....2
5. Motion under Rule 263 for Dispensation of the Rules ....3
6. Resolution moved by Senator Danesh Kumar regarding International Minorities Day, highlighting proud history of Minorities' contributions and urging Government of Pakistan to safeguard Minorities' rights ....4
7. Point raised by Senator Syed Ali Zafar regarding the prevailing political environment in the country, and the persecution of parliamentarians. ....7
    - Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law And Justice) ....12
    - Senator Azam Khan Swati ....17
    - Senator Sherry Rehman ....22
8. Presentation of the Report of the Functional Committee on Human Rights on [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024] ....25
9. Introduction of [The Daanish Schools Authority Bill, 2025]. ....26
10. Consideration and Passage of [The Anti-Dumping Duties (Amendment) Bill, 2025] ....26
11. Laying of the Annual Report of the Council of Islamic Ideology for the Year 2020-21 ....27
12. Laying of the Gender Parity Report ICT of the National Commission on the Status of Women for the Year 2023 ....28
13. Point of Public Importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding the incident of honour killing in Balochistan ....29
    - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui ....30
14. Point of public importance raised by Senator Raja Nasir Abbas regarding ban on people to going Iraq by road for religious worship due to security concerns ....35
    - Senator Azam Nazeer Tarar ....38
15. Point raised by Senator Muhammad Abdul Qadir welcoming the declaration of American administration on designating BLA and Majeed Brigade as Foreign Terrorist Organizations ....40
16. Point of Public Importance raised by Senator Sherry Rehman regarding huge financial losses in the State-Owned Enterprises of Government ....41
    - Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance ....44
17. Point Of Public Importance raised By Senator Kamran Murtaza regarding suspension of mobile data services and train services in Balochistan ....48
18. Point raised by Senator Aimal Wali khan regarding the Babra incident, 1948 ....49
19. Point raised by Senator Danesh Kumar regarding lack of media coverage of independent day celebrations in Balochistan ....56
20. Point of public importance raised by Senator Syed Waqar Mehdi regarding illegal raid of Customs personnel in different markets at Karachi ....58

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Tuesday, the August 12, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at twenty minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَ مَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَاۤ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ۙۚ وَّ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِیْرًا ﴿۷۵﴾ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْۤا اَوْلِیَآءَ الشَّیْطٰنِ ۚ اِنَّ كَیْدَ الشَّیْطٰنِ كَانَ ضَعِیْفًا ﴿۷۶﴾

ترجمہ: اور تم کو کیا ہوا ہے کہ اللہ کی راہ میں اور ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے جا۔ اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما۔ جو مومن ہیں وہ تو اللہ تعالیٰ کے لیے لڑتے ہیں اور جو کافر ہیں وہ بتوں کے لیے لڑتے ہیں۔ سو تم شیطان کے مددگاروں سے لڑو (اور ڈرو مت) کیونکہ شیطان کا داؤ بودا ہوتا ہے۔ (سورۃ النساء: آیات ۷۵ تا ۷۶)

## Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: In pursuance of Rule 14(1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I nominate the following members in order of precedence to form a Panel of Presiding Officers for the 353rd session of the Senate of Pakistan:

1. Senator Danesh Kumar
2. Senator Khalil Tahir

3. Senator Gurdeep Singh

**Oath-taking by newly elected Members**

Mr. Chairman: Mr. Azam Khan Swati and Miss Mashal Azam, Members-elect from the province of Khyber Pakhtunkhwa shall make oath before the Senate. A copy of the oath form has been placed on their table. I will read oath in Urdu, you will say your own name and will repeat the oath with me. I request the honourable Members-elect to stand by their seats to take oath.

*(At this stage, the newly elected Members took oath)*

Mr. Chairman: I will request the Members to please come and sign the Roll of Members.

*(At this stage, the newly elected Members signed the Roll of Members)*

Mr. Chairman: First of all, we are going to dispense the Question Hour.

(Followed by T02)

**T02-12August2025 Abdul Razique/Ed: Khalid 04:30 p.m.**

Mr. Chairman: First of all, we dispense the Question Hour for today’s sitting.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: I request the Honourable Members to observe one minute silence on the death of mother of Senator Gurdeep Singh.

*(At this moment, the House observed one minute silence for the departed soul)*

Mr. Chairman: Minister for Law, please move the motion for dispensation of the Question Hour.

**Motion under Rule 263 for Dispensation of the Rules**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کروں گا کہ اقلیتوں کے قومی دن کے حوالے سے جو کہ کل تھا اور کیونکہ آج سیشن کا پہلا دن ہے، آپ نے اس دفعہ ایک بہت احسن فیصلہ کیا کہ آپ نے Panel of Presiding Officers کی ساری nominations جو ہمارے minority or non-Muslim Members ہیں، ان کی کی ہے۔ میں تمام ایوان کی طرف

سے آپ کے اس فیصلے کو قابل تحسین سمجھتا ہوں اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے ہمارے ان بھائی، بہنوں کو یہ عزت دی ہے and it should be all inclusive. یہی وجہ ہے کہ آئین بھی ہمیں پابند کرتا ہے کہ یہ ممبران ہمارے درمیان ایوان میں موجود ہونے چاہییے۔ میں پورے ایوان کی طرف سے اپنے colleague سینیٹر گردیپ سنگھ صاحب سے ان کی والدہ کے وفات پر تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ آج Business Advisory Committee میں یہ طے ہوا تھا کہ وقت کی کمی اور کچھ اور issues پر بات کرنی ہے تو وقفہ سوالات آج کے لیے مؤخر کیے جائیں۔ اس حوالے سے میں ابھی motion move کرنا چاہتا ہوں۔

It is moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said rules regarding the Question Hour be dispensed with for today's sitting of the Senate.

Mr. Chairman: The motion as moved is put to the House.

*(The motion was carried)*

جناب چیئرمین: سینیٹر علی ظفر صاحب! میری یہ گزارش ہے کہ minorities کے حوالے سے ایک بہت important قرارداد ہے۔ اگر پہلے اسے move کرلیں because it will take just few minutes. اس کے بعد آپ بات کرلیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: جی ٹھیک ہے۔ اس کے بعد مجھے کچھ serious باتیں کرنی ہیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر دنیش کمار! آپ پہلے rules relax کرنے کی تحریک پیش کریں۔

## Motion under Rule 263 for Dispensation of the Rules

Senator Danesh Kumar: I move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of rules 26, 29, 30 and 133 of the said rules be dispensed with in order to enable the House to move and pass a resolution regarding National Minorities Day.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Senator Danesh Kumar, please move the resolution.

**Resolution moved by Senator Danesh Kumar regarding International Minorities Day, highlighting proud history of Minorities' contributions and urging Government of Pakistan to safeguard Minorities' rights**

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، جناب چیئرمین صاحب۔ میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں:

چونکہ پاکستان کی اقلیتوں نے ملک کی ترقی خوشحالی اور اتحاد میں ناگزیر کردار ادا کیا ہے اور ملک کو ثقافتی، سماجی اور معاشی اعتبار سے آراستہ کیا ہے؛

چونکہ پاکستان کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح نے اپنے تاریخی خطاب 11 اگست 1947 میں واضح طور پر اعلان کیا تھا کہ پاکستان کے تمام شہریوں کو مذہب، ذات یا عقیدے سے بالاتر ہو کر قانون کے تحت یکساں حقوق، آزادیاں اور تحفظ حاصل ہوں گے اور یہ عمل ہماری اقلیتوں کے لیے پالیسی کی کلیدی بنیاد ہے؛

چونکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا آئین اقلیتوں کے بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے جن میں مذہبی آزادی، قانون کے سامنے مساوات اور امتیاز کے خلاف تحفظ شامل ہے؛

چونکہ پاکستان بین الاقوامی معاہدوں کا دستخط کنندہ ہے جن میں عالمی منشور برائے انسانی حقوق اور بین الاقوامی معاہدہ برائے شہری و سیاسی حقوق شامل ہیں جو اقلیتوں کے حقوق کی تصدیق کرتے ہیں؛

چونکہ بین المذاہب ہم آہنگی، سماجی یکجہتی اور شمولیت کو فروغ دینا قومی اتحاد اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے، اس امر کو تسلیم کرتے ہوئے اقلیتوں نے قومی دن برائے اقلیتوں پر ملک کی ترقی، خوشحالی اور اتحاد میں انمول خدمات سرانجام دیے ہیں۔

لہٰذا اب اس ایوان کا عزم ہے کہ پاکستان کی اقلیتوں کو ان کے بے لوث حب الوطنی، قربانی اور قومی ترقی میں نمایاں خدمات پر خراج تحسین پیش کیا جائے۔

آئینی، قانونی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا جائے تاکہ اقلیتوں کی عزت، سلامتی اور شہری حیثیت کو یکساں طور پر یقینی بنایا جاسکے۔

چیئرمین سینیٹ کے اس دور اندیش اقدام کی تعریف کی جائے کہ انہوں نے پاکستان کے سینیٹ میں اقلیتی کاکس قائم کیا جو قومی اسمبلی اور سینیٹ دونوں کی نمائندگی پر مشتمل ایک مشترکہ پارلیمانی فورم ہوگا تاکہ اقلیتوں کی مسائل کو اجتماعی طور پر حل کیا جاسکے اور ان کے حقوق کو فروغ دیا جاسکے۔

حکومت کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ آئینی دفعات اور اقلیتوں کے لیے قانونی تحفظات کو مؤثر طریقے سے نافذ کرے۔

حکومت سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ عوامی آگاہی مہمات اور بین المذہب ہم آہنگی کے پروگرام شروع کرے جو معاشرے میں رواداری اور شمولیت کو فروغ دے۔

تعلیمی نصاب میں قائد اعظم محمد علی جناح کے 11 اگست 1947 کے خطاب اور اقلیتوں کے حقوق کو شامل کیا جائے تاکہ مساوات اور تکثیری اقدار کو پروان چڑھایا جا سکے۔

اس ایوان کا پختہ عظم ہے کہ وہ انصاف، مساوات اور شمولیت کے اصولوں کو قائد اعظم کے ویژن اور آئین کی ضمانت کے مطابق برقرار رکھے گا تاکہ پاکستان دنیامیں اتحاد کی روشن مثال بنتا رہے۔

شکریہ۔

Mr. Chairman: I, now, put the resolution before the House.

*(The resolution was passed unanimously)*

Mr. Chairman: Distinguished Colleagues! Asalam-o-Alaikum. In connection with International Minorities Day observed yesterday on 11th August, 2025, I like to extend, on behalf of this august House, a rich tribute to the minorities for their invaluable contributions to Pakistan's progress, prosperity, and defence. We honour the diversity that strengthens our nation. This day reminds us of a duty to protect every citizen's dignity, rights and equal opportunity. For me personally, the welfare and empowerment of women and minorities have always been priorities. Women and minorities are not just constituents; they are my life long

constituency. It remains my greatest honour that during my premiership, we established a Women Parliamentary Caucus right here in the Parliament House…

(Continued T03)

**T03-12August2025 Babar/Ed:Waqas 4:40pm**

Mr. Chairman: (continued...) Right here in Parliament House, a platform that amplifies the voices of half of our nation. On a global stage, I have taken up the cause of minority rights with one unwavering message; dignity, equality and respect are non-negotiable. Principles of inclusion, non-discrimination and justice for all form the bedrock of democracy and modern society. As Prime Minister, I have worked to integrate women and minorities into national mainstream through robust representation in public life. We have advanced measures to increase quotas for women and minorities in public sector jobs. We also worked to secure 4% representation of minorities in the Senate. I also honor the legacy of Shaheed Mohtarma Benazir Bhutto, her lifetime work for inclusion and opportunity transformed the lives of many. President Asif Ali Zardari has also shown the steadfast commitment to safeguarding minority rights and expanding equal opportunities across the country. In that spirit, this august House has taken a historic strike towards inclusive governance.

I proudly share that the Minorities Caucus has been established in the Senate of Pakistan on the occasion of International Minorities Day. Constituted on the request of our minorities' Senators, this caucus aims at safeguarding constitutional rights of minorities, enforcing laws; uphold religious freedom, shaping policies that weave diversity into our national fabric, and promoting interfaith harmony. As a symbol of our commitment, the Panel of Presiding Officers for the 353rd session of Senate comprises Senators Danesh Kumar, Khaleel

Tahir Sindhu, and Gurdeep Singh, representing Hindu, Christian, and Sikh communities, respectively. This historic first embodies our pledge. Minority Boys shall steer our proceedings. This Caucus is not a symbolic gesture. It is intended to be a political action-oriented forum with a clear mandate to engage government, relevant institutions, civil society, and international partners. It will include representation from the National Assembly as well, so that our work is coordinated across both the Houses. I take personal pride in this initiative which reflects the Senate's commitment to giving voice and space to those who have long sought equality and opportunity. I request your support and valuable suggestions to ensure that Caucus becomes an effective instrument to ensure minorities' rights and betterment. Let this House declare: Our diversity is our destiny. Thank you all.

*(Desk Thumping)*

Mr. Chairman: I now request the Parliamentary Leader of PTI, Senator Ali Zafar sab, who wanted to speak first. It was decided in the Advisory Committee.

**<u>Point raised by Senator Syed Ali Zafar regarding the prevailing political environment in the country, and the persecution of parliamentarians.</u>**

Senator Syed Ali Zafar: Thanks you, Mr. Chairman! First of all, I think I would like to say that the Senate resolution regarding the minorities' rights that has been passed is a very welcome step by the Senate. I think personally that the minorities are the strength of this country, and this country was formed with equal protection for everybody, whichever caste, creed they come from, and we still have to go a long way. This resolution, I'm sure, is going to assist us in our progress.

لیکن محترم چیئرمین صاحب ! پچھلے ہفتے ایک بار پھر پاکستان کی سیاسی اور عدالتی تاریخ میں بدترین واقعہ جلد بازی کے ساتھ کیا گیا ہے۔ انصاف اور قانون کو ٹوکری میں پھینک دیا گیا ہے اور عدالتوں کو ایک ہتھیار کے طور پر پی ٹی آئی کے Parliamentarians، لیڈرز اور ورکرز کو ان کے اوپر سزاؤں کی بارش کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ Off the record کیس کا میں ضرور ذکر کروں گا کہ کن کیسز میں یہ سزاؤں کی

بارشیں ہو رہی ہیں اور ہمارے لیڈران کے خلاف کیس کیسے بنایا گیا ہے۔ ایک کمرے میں وہ بیٹھے تھے اور کمرے میں بیٹھے ہوئے انہوں نے ایک سازش کی۔ Conspiracy یہ کی کہ وہ installations پر حملہ کریں گے۔ اس conspiracy کے تین گواہ ہیں۔ وہ تین شخص جو کہتے ہیں کہ ہم چھپ کے اس کمرے کے اندر بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک side table کے نیچے چھپا تھا اور ایک شاید پردے کے پیچھے چھپا تھا اور انہوں نے یہ ساری بات سنی اور ان دو گواہان کے base پر پورے کے پورے کیسز کے فیصلے ہو گئے۔ ان دو گواہان کا ایک جج صاحب نے یقین نہیں کیا لیکن دوسرے جج صاحب نے یقین کر کے 10,10 سال قید کی سزا سنا دی۔ ادھر بیٹھے ہوتے تھے شبلی فراز صاحب، ہمارے Leader of the Opposition, ان کو بھی سزا سنا دی گئی۔ جناب! اس کے ساتھ ساتھ یہ بالکل جھوٹے مقدموں میں جو سزائیں سنائی گئیں، ابھی اور بھی آ رہی ہیں۔ ان کے اوپر جو judgments تھیں، جو فیصلے تھے، ان کی سیاہی ابھی سوکھی بھی نہیں تھی کہ پلک جھپکتے ہی الیکشن کمیشن آف پاکستان اندر آ گیا اور اس نے ایک سیکنڈ میں انہیں disqualify کر دیا۔ ہمارے سارے Parliamentarians کو ہمارے Leader of the Opposition نیشنل اسمبلی، Leader of the Opposition, Senate پارلیمنٹری لیڈران اور ہمارے MNAs ہمارا Leader of the Opposition پنجاب اسمبلی، ہمارے Parliamentary Leader پنجاب اسمبلی کو disqualify کر دیا۔ ہم سب قانون دان ہیں۔ ہم آئین کی text اور آئین کی spirit کو بھی بھرپور طریقے سے سمجھتے ہیں اور ہم نے ہی آئین بنایا ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کو بڑا experience ہے اور آپ آئین کے آرٹیکل 1-63 سے بخوبی واقف ہوں گے۔ آرٹیکل 1-63 disqualification of Parliamentarians کی بات کرتا ہے۔ سزا ہو جاتی ہے کسی عدالت سے اور وہ سزا فائنل ہو جاتی ہے اس فائنل کے لفظ کو underline کرتا ہوں میں، تو پھر الیکشن کمیشن آف پاکستان disqualification کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ آرٹیکل 1-63 کا جو مفہوم ہے، جو spirit ہے، جو Parliamentarians نے ہی اپنے لیے بنائی ہے، وہ یہ ہے کہ جب تک ایک فیصلہ ٹرائل کورٹ کا فائنل نہیں ہو جاتا یعنی کہ وہ اپیل میں جب جائے اور اپیل کا فیصلہ فائنل نہ ہو جائے اور اس کے بعد سپریم کورٹ میں جو آئینی پٹیشن ہوتی ہے آرٹیکل 3-184 کے تحت، اس کا فیصلہ نہ ہو جائے تب تک الیکشن کمیشن آف پاکستان disqualify نہیں کر سکتا۔ آرٹیکل (h)63-1 کہتا ہے کہ "A person shall be disqualified from being elected or chosen as, and from being, a member of the Majlis-e-Shoora (Parliament), if he has been, on conviction for any offence involving moral turpitude, sentenced to imprisonment for a term of not

less than two years, unless a period of five years has elapsed since his release” اس کی تشریح جو بار بار کی ہے، سپریم کورٹ کی کوئی آٹھ سے نو judgments ہیں اور انہوں نے یہ کہا ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انتظار کرنا ہے کہ یہ فیصلہ فائنل ہو جائے لیکن اس کیس میں اور ہمارے کیسوں میں کیا ہوا۔۔(جاری)

T04-12AUG2025 Taj/Ed. Shakeel 04:50 p.m.

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔۔) لیکن ہمارے cases میں کیا ہوا۔ جس طرح میں کہا کہ ابھی فیصلہ۔۔۔

Mr. Chairman: Order in the House. Yes.

سینیٹر سید علی ظفر: فیصلہ ابھی ہوا ہی نہیں تھا، ابھی لکھا گیا نہیں تھا، ابھی اس کی سیاہی خشک نہیں ہوئی تھی تو یہ فیصلہ کر دیا گیا۔ جناب! میں ریکارڈ پر کہنا چاہتا ہوں کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی Article 218 میں ایک آئینی ذمہ داری ہے کہ اسے آزاد ہونا ہے۔ میں ریکارڈ پر تین بار کہتا ہوں کہ ہمارے لیڈر آف دی اپوزیشن اور باقی رہنماؤں کی جس تیزی سے یہ disqualification کی گئی،، میں ریکارڈ پر تین بار یہ کہنا چاہتا ہوں کہ Election Commission of Pakistan is biased. Election Commission of Pakistan is biased. Election Commission of Pakistan is biased. یہ جلد بازی کیا تھی؟ جناب چیئرمین! کیا emergency آ گئی تھی؟ خدانخواستہ ہمارے آئین کو کوئی آگ لگ رہی تھی جو ان کو جلدی سے disqualify کرنا تھا تاکہ وہ آگ بجھائی جاسکے۔ جنہوں نے آگ لگائی ہے وہ تو آرام سے بیٹھے ہیں۔ جنہوں نے کچھ نہیں کیا ان کو آپ disqualify کر رہے ہیں۔ کیا خدانخواستہ اس پارلیمنٹ کی بلڈنگ کو کوئی نقصان ہو رہا تھا، اس نقصان سے بچانے کے لیے ان کو فوراً disqualify کرنا تھا؟ جناب چیئرمین! جلدی کیا تھی؟ انصاف کے تقاضے پورے کر رہے تھے یا یہ کوئی conspiracy تھی۔ یہ ایک strategy تھی۔

پیپلز پارٹی والے بیٹھے ہیں، انہوں نے ہمیں Article 10A (fundamental rights) دی تھی اور کہا تھا کہ due process of law and fair trial ہونا چاہیے۔ کہاں گیا وہ fair trial جب یہ disqualification ہو رہی تھی؟ کہاں گیا due process of law? جناب چیئرمین! کوئی طویل بحث نہیں ہوئی، کوئی غور و فکر نہیں ہوا۔ ایک سیاسی جلد بازی تھی اور صرف ایک مقصد تھا، مقصد یہ تھا کہ جو اچھے بولنے والے ہیں، جو سچ بولنے والے ہیں، ان کی آواز کو بند کر دیا جائے، ان کو خاموش کر دیا جائے۔ اس کارروائی کا مقصد یہ تھا کہ حکومت ہمارے سوالات سے شاید گھبراتی ہے۔ حکومت مخالفت نہیں چاہتی۔ حکومت کو عوام کی آواز سے ڈر ہے۔ جناب! یہ صرف

ایک شخص کا معاملہ نہیں ہے۔یہ صرف شبلی فراز صاحب، عمرایوب خان صاحب،اعجاز چوہدری صاحب، زرتاج گل صاحبہ،صاحبزادہ حامد رضاصاحب، احمد چھٹہ صاحب اور رائے حسن نواز یا احمد بھچر صاحب کا معاملہ نہیں ہے۔ یہ اکبر چترال صاحب کا معاملہ نہیں ہے۔ میں کہوں گا کہ یہ ایک پارٹی کا، پی ٹی آئی کا معاملہ بھی نہیں ہے۔ یہ اپوزیشن میں جمہوریت کے role کامعاملہ ہے۔ What is the role of the opposition in a democracy? اپوزیشن، میں اپنےدوستوں کو بتاناچاہوں گا۔ جناب چیئرمین! آپ توبھرپور طریقے سے جانتے ہیں۔ اپوزیشن ایک ادارہ ہے۔ یہ کوئی فرد نہیں ہے۔ کسی بھی ایوان میں اگر اپوزیشن نہیں ہے،اگر لیڈر آف دی اپوزیشن کی سیٹ خالی ہے، کسی بھی ایوان میں تو وہ ایک chorus کی طرح ہے جس میں صرف ایک ہی گاناگایاجاسکتاہے۔ It is a chorus that you can only sing one song in. نہ کوئی مخالفت ہو گی۔ کیساایوان ہوگا جہاں کوئی challenge نہیں ہوگا؟ جناب! آپ کو کیساایوان چاہیے جہاں اختلاف نہ ہو۔ میں یہ بھی کہناچاہوں گا کہ اپوزیشن حکومت کی adversary نہیں ہوتی، دشمن نہیں ہوتی۔ اپوزیشن اور حکومت مل کر قوم کی خدمت کرتی ہیں۔ ہماری تنقید سےآپ کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔ ہمیں باہر نکالنے کے لیے آپ کیوں عدالتوں کو ہتھیار بنارہے ہیں؟ جناب چیئرمین! جتنے لوگ اِدھر بیٹھے ہیں، یہ کوئی حادثاتی طور پر ادھر نہیں آئے ہیں، does not accidentally here. یہ اس لیےادھر ہیں،ایوان کی ہر نشست،آپ سب اس لیےادھر بیٹھے ہیں کیونکہ عوام نے ڈبے میں ballot ڈالااورآپ کو اپنی آواز دی کہ آپ بولیں، گفتگو کریں، بحث کریں، حکومت کو اپنی direction میں رکھیں۔ اگر آپ جلد بازی میں غیر قانونی، غیر آئینی حرکت کر کے ہمارےایوان کے parliamentarians کو اس ایوان نکال دیتے ہیں تو آپ سیاستدانوں کو سزانہیں دے رہے،آپ ان voters کو سزادے رہے ہیں جنہوں نے کہاتھاکہ ہماری آواز بن کراس ایوان میں بولیں۔

جناب چیئرمین! میں پھر کہوں گا یہ صرف شبلی فراز صاحب، عمرایوب صاحب یا زرتاج گل صاحبہ کامسئلہ نہیں ہے۔ یہ ہم سب کامعاملہ ہے۔ یاد رکھیں کہ آج تو آپ نےآوازیں بند کیں، اچھی ،بولنے والی آوازیں بند کردیں، کل آپ کی بھی باری آسکتی ہے۔ پاکستان کی ایک حکمت ہے، پاکستان کا ایک culture ہے،وہ کیا کہتاہے،وہ کہتاہے کہ جو بوؤگے وہی کاٹوگے۔ وہ کہتاہے کہ آج کابیج کل کی فصل ہے۔ وہ کہتاہے کہ جیساکروگے ویسابھروگے۔ جناب! انگریزی کا محاورہ بھی یہی ہے کہ what goes around, comes around. ایک بڑی خوب صورت بات ہے،افریقہ کاجو حکمت ہےوہ بھی یہی کہتی ہے،وہ کہتی ہے کہ "when the roots of a tree start

decaying, the branches of the tree die.” جب آپ جمہوریت میں جمہوریت کی roots کو نقصان پہنچاتے ہیں اس طرح کی نااہلی سے تو آپ جمہوریت کو قتل کرتے ہیں۔

ایک اور بہت خوب صورت حکمت عملی ہمارے ایشیا کی ہے۔ وہ کہتی ہے کہ .rain does not fall on one roof ہر چھت پر بارش کے قطرے گریں گے۔ جب آپ آج ہمارے اوپر سزاؤں کی بارش کر رہے ہیں، کل آپ سب کے اوپر یہ بارش ہو سکتی ہے۔ کب تک ہم اس cycle میں چلتے رہیں گے؟ کب تک ہم اس دائرے میں گھومتے رہیں گے؟ ایک حکومت آتی ہے، دوسری حکومت آتی ہے اور تیسری حکومت آتی ہے، بار بار یہ ہو رہا ہے۔ خدارا! اسے روکیں۔

جناب! اپوزیشن لیڈر کو آپ نے ہٹا دیا، اپوزیشن کو ہٹا دیا، کیوں ہٹایا، کیونکہ آپ سچ نہیں سننا چاہتے۔ کیوں ہٹایا، کیونکہ جب وہ سوالات پوچھتے ہیں تو آپ ان کا جواب نہیں دینا چاہتے۔ میں آپ کو کہتا ہوں کہ آج تو آپ نے شاید طاقت کے زور پر کر لیا لیکن آپ ایک آدمی کو سیٹ سے تو ہٹا سکتے ہیں، جناب چیئرمین! ایک آدمی کو سیٹ سے تو ہٹایا جا سکتا ہے لیکن جن خیالات پر وہ کھڑا ہے، ان خیالات کو نہیں ہٹایا جا سکتا۔ آپ ایک شخص کو ایک عہدے سے تو ہٹا سکتے ہیں۔ آپ نے عدالتوں کو استعمال کر کے ہمارے تینوں Leaders of the Opposition, National Assembly, Senate اور صوبائی اسمبلی سے ہٹا دیے لیکن آپ لوگوں کی مرضی کو de-notify نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین! آپ Form پر نام تو بدل دیں، نئے لیڈرز آ جائیں گے لیکن آپ سچائی کی جگہ نہیں لے سکتے۔ میں آپ کو وعدہ دیتا ہوں، میں آج پی ٹی آئی کی طرف سے وعدہ دیتا ہوں کہ چاہے سینیٹ کے اندر ہو، چاہے سڑکوں پر ہو اور چاہے لوگوں کے دلوں میں ہو، اپوزیشن ختم نہیں ہو گی۔ ہم بولیں گے۔ (جاری۔۔۔T05)

**T05-12Aug2025 Ali/Ed: Mubashir 05:00 pm**

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری ہے۔۔۔۔) اپوزیشن ختم نہیں ہوتی، ہم بولیں گے، ہم سوال کریں گے، ہم مزاحمت کریں گے، ہم سڑکوں پر احتجاج کریں گے کیونکہ اگر ہمیں خاموش کرنے کی آپ کو جلدی ہے تو ہم اس سے بھی زیادہ طاقتور ہو کر واپس کھڑے ہوں گے۔ جناب چیئرمین! آپ seat کو چھین لیتے ہیں، چھینتے رہیں لیکن آپ قوم کی آواز نہیں چھین سکیں گے۔ عربی کی بڑی اہم saying ہے جو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ”As you judge, so shall you be judged“ میں آخری بار یہ کہوں گا یہ warning ہے آپ جو کر رہے ہیں کل کو آپ کے ساتھ واپس ہوگا، آپ سبق سیکھیں اور ہمارے ساتھ کھڑے ہوں، ہم آج protest کریں گے، مجھ بڑی خوشی ہوئی۔

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر سید علی ظفر: اگر یہ بیٹھ جائیں تو میں بات کروں۔

جناب چیئرمین: Butt Sahib, please take your seat, میں جواب دیتا ہوں۔ اس طرف سے جب کوئی بولے گا وہ جواب دے دے گا، ایسے ہر ایک کو بولنے کی ضرورت نہیں ہے۔ Parliamentary Leader please continue.

سینیٹر سید علی ظفر: مجھے بڑی خوشی ہوئی، میں ذرا پریشان تھا کہ میں اتنی اچھی اچھی باتیں کر رہا ہوں اور شاید وہ دوسری طرف سارے agree کر رہے ہیں اور میں پریشان تھا کہ یہ بڑا اچھا ہو گیا ہے کہ ہماری حکومت والے یہ سب چیزوں سے agree کر رہے ہیں۔ تو آپ کی مہربانی کہ آپ جوش میں اٹھے اور آپ نے مجھے ٹوکا اور آپ نے باتیں کیں۔ میں آپ کا مہربان ہوں، مجھے خوشی ہوئی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جو میری باتیں تھیں وہ تھوڑی چبھیں کیونکہ میں نے سچ بولا، یہی اپوزیشن کا کام ہے، جناب! اپوزیشن کا کام ہوتا ہے کہ ہم تھوڑا سچ بولیں۔ ان کے پاس ہمت نہیں ہے کہ سچ سنیں اور مجھے بڑی خوشی ہوئی۔۔

Mr. Chairman: No cross talk.

سینیٹر سید علی ظفر: کہ بڑے بڑے معتبر Law Minister Sahib, Parliamentary leaders چپ بیٹھے تھے تو آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے اپنی طرف سے اپنا اصل چہرہ دکھا دیا۔ میرا خیال ہے کہ اس کے ساتھ میری تقریر کا جو مقصد تھا وہ پورا ہو گیا اور چیئرمین صاحب میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے یہ موقع دیا یہ اتنا serious issue ہے کہ میں نے اپنے سینیٹرز کے نام دیے ہیں جو ابھی مزید اس پر بولنا چاہیں گے اور اس ایوان کو اگر ہم نے بچانا ہے تو ہمیں اس پر ضرور کوئی action لینا ہے، شکریہ جناب۔

Mr. Chairman: Law Minister Sahib.

**Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law And Justice)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شکریہ جناب! ایسی بات نہیں ہونی چاہیے جس سے کسی کی دل آزاری ہو۔ بٹ صاحب نے اپنے دل کی بات کہی، ہم نے اسی لیے بڑے تحمل سے پارلیمانی لیڈر کو سنا اور میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ یہ جو ایوان ہے یہ گفتگو کے لیے بنایا گیا ہے، ہم یہاں پر بیٹھ کے بات کر سکتے ہیں، اپنا اپنا نقطہ نظر بیان کرتے ہیں I appreciate کہ پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر نے جو باتیں کہی ہیں انہوں نے دھیمے لہجے میں بات کی، احتجاج کی بجائے انہوں نے dialogue کو ترجیح دی اور انہوں نے گفتگو کے ذریعے اپنا احتجاج record کروایا ہے۔ کچھ

چیزوں کے بارے میں صرف وضاحتی دو منٹ لوں گا اس کے بعد عرفان صدیقی صاحب ہیں، شیری رحمان صاحبہ ہیں، ہمارے باقی دوست ہیں جو بات کرنا چاہیں گے، یہی حسن ہے جمہوریت کا جو میں بار بار کہتا ہوں کہ ہمیں کاغذ پھاڑ کے لہرانے کی بجائے ہمیں یہ debate کرنی چاہیے۔ سینیٹر علی ظفر صاحب نے کہا کہ جو disqualification ہے وہ final order کے بعد ہوتی ہے یہ ان کا point of view ہے لیکن جو judicial point of view اور جو مجھے سمجھ ہے وہ یہ ہے کہ conviction جب ایک مرتبہ record ہو جاتی ہے، جب تک اس conviction میں acquittal نہیں ہوتی یا وہ conviction, conviction not the sentence, وہ conviction جو ہے وہ suspended or stay نہیں ہوتی۔ وہ operate کرے گی اور Article 63 (G) and (H) کے تحت آپ disqualify ہو جاتے ہیں اور disqualified رہتے ہیں unless and until a Court of Law either set aside that conviction یا اس conviction پر وہ قدغن جاری کر دیں۔

ایک مقدمے میں نہیں ہے، سلمان اکرم راجہ صاحب اور میں نے case کیا تھا جو پہلی مرتبہ interpret ہوا تھا۔ یہ رائے حسن نواز اور زاہد اقبال تھا full bench بنا تھا Lahore High Court میں، یہی matter جو ہے it went up to supreme court, Justice Ijaz ul Ahsan کا bench تھا انہوں نے پھر اس کو further exam کیا اور یہ طے کر دیا کہ even سزا کے بعد ضمانت بھی جو ہے وہ disqualification کو remove نہیں کرتی اور پھر بعد میں پنجاب سے ہی ہمارے ایم پی اے اور وزیر جیل خانہ جات رہے ہیں اکبر نوانی صاحب، نہ جی ان کے بھائی دوسرے ہیں، ان کے case میں بھی یہی اصول طے ہوا اور وہ بھی matter Supreme Court میں گیا۔ Sir conviction is a matter between the court and the accused, the convict.

جناب! سرکار اس judicial process کا کیونکہ there is a separation of judiciary from the executive, جوش خطابت میں ہم جو مرضی کہہ لیں، ہمیں کوئی چیز پسند نہیں ہے، ہم دکھی ہیں یہ ہمارا حق ہے کہ ہم اس پر comment کریں لیکن میں صرف ایک legal picture آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں کیونکہ سینیٹر سید علی ظفر صاحب ایک مایہ ناز وکیل ہیں انہوں نے یہ مدعا اس ایوان کے سامنے رکھا اور ایوان کو پتا ہونا چاہیے علی بھائی آپ کے صرف دو منٹ لوں گا کہ conviction کے بعد the moment somebody is convicted under the scheme of Law and by operation

جناب آپ disqualification incur کر دیتے ہیں election commission صرف اس کو announce of Law,
کرتا ہے اور اس میں انہوں نے جو فیصلہ جاری کیا ہے disqualification کا ان کو اس میں وہ ساری reasons دی ہوئی ہیں۔

اس کی ایک remedy ہے اور وہ remedy unfortunately Senate of Pakistan or National Assembly کے پاس نہیں ہے، that remedy lies with the courts. The courts of Law constituted under the constitution through the Laws enacted by this August House جو پارلیمنٹ نے بنائے election commission کے فیصلے کو ایک فورم پر challenge ہونا ہے چاہے وہ High Court ہے یا Supreme Court ہے۔ Unfortunately, conviction record ہوئی ہے کس طرح کی evidence پر ہوئی، اس پر میں نہیں جاؤں گا۔

آج صبح National Assembly میں یہ بات ہو رہی تھی حنیف عباسی کو جو کہ pharmaceutical کے business میں تھے under license وہ اپنا کام کرتے تھے ان کا under license quota تھا، آپ کی family نے بھی اس میں تکلیفیں اٹھائیں اور سال ہا سال مجھے آج تک یاد ہے کہ آپ کے صاحب زادے ضمانت پر تھے اور وہ Supreme Court میں پیشی کے لیے آ رہے تھے، ضمانت ہونے کے باوجود انہیں دروازے سے اٹھا لیا گیا، ہم لوگ court room میں بیٹھے ہوئے تھے۔ تو پھر عدالت نے Production Order کیا تو انہیں عدالت کے سامنے پیش کیا گیا اور پھر ان کی bail regular کی گئی۔ حنیف عباسی کی ایک business activity کو convert کرکے narcotics کا کیس بنا کر اس کو عمر قید کی سزا دے دی گئی، شکر ہے اسے سزائے موت نہیں دی گئی، پھر اس سزا کے نتیجے میں وہ کئی مہینے جیل میں رہے، اسی طرح ان کی disqualification لٹکی رہی، ان کی ضمانت کے باوجود ان کی disqualification remove نہیں ہوئی and finally وہ acquit ہوئے اور انہوں نے انتخابات میں حصہ لیا اور دوبارہ elect ہوئے اور وہ گئے۔

بہت سی مثالیں اس ایوان میں بیٹھی ہیں، عرفان صدیقی صاحب بیٹھے ہیں میرے اس طرف انہیں کس جرم میں اٹھا لیا گیا تھا، چیئر مین صاحب آپ کے حصے میں بھی ایک disqualification آئی اور وہ فی الفور نافذ العمل ہوئی، میرے قائد وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز

شریف کو بھی disqualification اور conviction کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ اپنی بیمار بیوی کو بسترِ مرگ پر چھوڑ کے آئے تو اس بات کا مذاق اڑایا گیا، انہوں نے کہا جی جب انہیں سزائیں ہوتی ہیں تو کوئی نہ کوئی بیمار ہو جاتا ہے۔۔۔ جاری ہے۔۔۔ (T06)

T06–12Aug2025 Imran/ED: Waqas 05:10 pm

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری۔۔۔) جب اِنہیں سزائیں ہوتی ہیں تو کوئی نہ کوئی بیمار ہو جاتا ہے۔ اُس حالت میں وہ اپنی بیٹی کا ہاتھ تھام کر آئے۔ He surrendered before the authority of law. Surrender کرنے کے بعد اُنہوں نے appeal file کی۔ Appeal file کرنے کے بعد اُنہوں نے درخواستِ ضمانت، جسے ہم suspension of sentence کہتے ہیں، وہ دائر کی۔ کچھ مہینوں کے بعد اُن کی وہ درخواست سنوائی کے لیے سامنے آئی۔ کیس سننے کے بعد اُنہیں ضمانت دی گئی۔ وہ فیصلہ پھر سپریم کورٹ میں بھی challenge ہوا۔ چار ماہ کے بعد اُنہیں دوبارہ دوسرے کیس میں سزا دے دی گئی اور اُنہیں پھر جیل بھیج دیا گیا۔

Leader of Opposition کی بات کی تو قومی اسمبلی میں Leader of Opposition میاں شہباز شریف اور پنجاب اسمبلی میں Leader of Opposition حمزہ شہباز شریف کو، حمزہ شہباز شریف کو دو سال سے زائد عرصہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے رہنا پڑا۔ Leader of Opposition قومی اسمبلی کو دو دفعہ مہینوں کے لیے جیل میں ڈالا گیا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ سب ٹھیک ہوا لیکن جناب! وہ درست کس طرح سے ہوا۔ جناب! وہ درست احتجاج کرنے سے یا تقریر کرنے سے نہیں ہوا۔

آپ میاں نواز شریف، شہباز شریف، حمزہ شہباز، حنیف عباسی، مریم نواز شریف، عرفان صدیقی، رانا ثناء اللہ، جس کا نام لیں، ہماری تو National Assembly میں پوری کی پوری front row خالی تھی۔ وہ سب جیل میں تھے لیکن ایک طریقہ کار ہے اور آپ نے اُس طریقہ کار کے تحت ہی اُس سے باہر نکلنا ہے اور انہوں نے اپنی اپنی appeals file کیں۔ میرے دوستوں کو بھی پتا ہے کہ میں کئی دفعہ یہ کہتا ہوں کہ مجھے سانس ہی نہیں آتا تھا کہ ایک کی پیشی سے ہٹ کے دوسرے کی پیشی پر، دوسرے کے بعد تیسرے کی۔ ایک دن میں چار چار، پانچ پانچ پیشیاں ہوتی تھیں۔ Ultimately وہ relief بھی عدالت ہی دیتی ہے۔ ان کو conviction سے اختلاف ہے، valid reasons ہوں گی، ہو سکتا ہے کہ valid reasons نہ ہوں

but the only mechanism available to them is to surrender before the authority of law and then file an appeal. That appeal will be dealt with in accordance with the merits of the same.

جناب! اُس کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ آپ، میں اور ہم سب ایک دوسرے کے لیے ہمدردی کا تو اظہار کر سکتے ہیں لیکن naturally we cannot bypass or we cannot supersede the legal process. وہ میرا، آپ کا اور اس House کا اختیار نہیں ہے۔

تو یہ تھوڑا سا background تھا۔ باقی جو بات علی ظفر صاحب نے کی تو اُس بات میں وزن ہے کہ جو کیا جاتا ہے وہ دینا پڑتا ہے، what goes around, comes around. لیکن جناب! اُس سے بھی تو بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے۔ اُس کو بھی تو درست کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے اور سیاست نے ہمیں جو اسلوب سکھایا ہے وہ یہ ہے کہ پہلے ہم ایک دوسرے کو مضبوط کریں، ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھیں اور مل کر بات کریں۔ آج business advisory میں آپ نے حکم دیا تھا اور ہم سب بیٹھے۔ آپ نے کہا کہ یہ سیاسی debate کرنا چاہتے ہیں اور کچھ legal questions اُٹھانا چاہتے ہیں تو میں نے کہا جی بالکل، سو بسم اللہ اٹھائیں اور یہی حسن ہے۔ I appreciate کہ آج ہم House میں کمال بُردباری کے ساتھ یہ معاملہ چلا رہے ہیں بلکہ آج جو ہمارے دو نئے اراکین سینیٹ میں آئے ہیں، جناب سواتی صاحب اور محترمہ یوسفزئی صاحبہ، اُن کو میں خوش آمدید کہتا ہوں اور مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ آج آپ نے حلف لیا ہے۔ شیری رحمان صاحبہ نے اور میں نے خود اُن کی سیٹوں پر جا کر اُنہیں مبارک باد پیش کی ہے۔

جناب! یہ وہ بُردباری ہے جو ہونی چاہیے and rightly اس کا اظہار بھی ہونا چاہیے۔ رہی باتیں یہ کہ سزا کیوں ہوئی۔ آج میں اس debate میں نہیں جاؤں گا لیکن یہ لکھی پڑھی بات ہے کہ نو مئی کو واقعات ہوئے۔ لوگوں نے جناح ہاؤس کو جلتے دیکھا، TV پر اُس کی footage چلی، leadership کی تصویریں نظر آئیں، میانوالی میں airbase پر جو حملہ ہوا اُس کی لوگوں نے footage دیکھی، مردان میں شہداء کے مجسموں کو پٹخا گیا اور توڑا گیا، اُس کی footages تھیں اور لوگوں نے دیکھا۔ ریڈیو پاکستان پشاور کی building کو نظرِ آتش کیا گیا اور وہ ہم سب نے TV پر دیکھا۔ لاہور میں تھانہ شادمان کو آگ لگی یا راحت بیکری کے سامنے گاڑیاں جلیں۔ جناب! یہ وہ سارے واقعات ہیں جن پر ایک لیگل۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں چھوڑ دیتا ہوں، میں چھوڑ دیتا ہوں۔ میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ کو time ملے گا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ بولیں، ہم آپ کے لیے بیٹھے ہیں لیکن جناب! اس ملک میں کوئی قانون بھی ہے اور ضابطہ بھی ہے۔ اگر کوئی شخص جرم کرتا ہے تو یہ الگ بات ہے کہ وہ گناہ گار تھا یا بے گناہ تھا۔ اگر کوئی جرم کرے گا تو اُس کا ایک legal course ہے، وہ ہونا ہے اور اُسی legal course میں آپ کے لیے remedies بھی ہیں۔ آپ وہ remedies لیں۔ آپ پہلے بھی عدالتوں میں جاتے رہے ہیں اور میں تو آپ سے یہ کہوں گا کہ جو پچھلے دور کی رفتار تھی، اُس سے رفتار بہتر ہے اور relief بھی ملتے ہیں۔ جمشید دستی کو ایک process کے بعد Election Commission نے disqualify کیا۔ لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کیا اور ان کے معاملے میں جو maximum relief تھا، جسے interim relief کہتے ہیں، وہ اُنہیں مل گیا۔ اُن کے خلاف فوجداری کارروائی بھی روک دی گئی، ضمنی الیکشن بھی روک دیا گیا، سرکار کو نوٹس، Attorney General کو 27(a) کا نوٹس ملا۔

This is how we work. This is how the judicial system works. This is how we should behave, and this is how we should go forward.

باقی یہ چیزیں اور میں اس سے زیادہ آج نہیں کہوں گا کہ جناب! یہ بیٹھ کر حل ہوں گی اور یہ ہوا میں کاغذ لہرانے سے حل نہیں ہوں گی۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر اعظم خان سواتی صاحب۔ آپ کو مبارک ہو۔

**Senator Azam Khan Swati**

Senator Azam Khan Swati: Mr. Chairman! thank you very much. I rise to express after long self-imposed absence of two and a half years. It started from October 13th, early in the morning in wake of a tweet and what it said, that tweet was constitutionally and legally protected, it says to the former army chief Mr. Bajwa that ‘is the corruption has been legalized in Pakistan’. And this was it. What I went through, what my family went through is all obvious throughout Pakistan and the whole world.

Today I seek your indulgence for a little bit more time because I have right and privilege, serving as a Senator since 2003. I think only few of us are for that long serving this August House. Let me start. Mr. Chairman! you may have many many achievements in your life, as a federal Minister multiple times, as Prime Minister and now as the Chairman. But I recognize you for three achievements. As your political opponent your inherited grace, humility and the treatment with all of us in this House is appreciated.

*(Desk thumping)*

Senator Azam Khan Swati: The first and the far most achievement is when you chose conviction against compromise. You stood with your leader Mr. Asif Ali Zardari when he needed you the most and I am asking all of my PTI leaders as well as workers that this is the time that we will accept conviction, disqualification, torture as I had gone through and many of us went through but we will never compromise on the principle laid down by our great leader Imran Khan.

Second achievement, I really appreciate that about a month or two months ago there was a production order written in our procedure being adopted but you refused to Chair this particular House because you said unless Ejaz Chaudhry will not come under production order, I will not do that. Today I am calling again that our Opposition Leader Mr. Shibli Faraz is not here. All I am asking you and also the Honourable Law Minister that please, we don't have any hurry in getting another Opposition Leader. Let us sit, wait and let this process go on because this August House earnestly need that the process has to be completed or the call should come from Imran Khan that whether he should be replaced or not.

Sir, the third and I am personally obliged for that when in 2008, there was a financial crunch and I came to you … (Followed by T07)

Senator Muhammad Azam Khan Swati: (Continued) I am personally obliged for that in 2008, there was a financial crunch. I came to you and asked you that we need more investment in NUST. You were gracious enough that you will upgrade the substantial fund for what in order to set up state of the art incubators, R&D and they transformed the particular NUST University not only in Pakistan but one of the best in the world.

جناب چیئرمین !آج میں پھر ایک مرتبہ یہ کہوں گا کہ یہ ہے 1973 کا وہ آئین یہ ان لوگوں نے بنایا ہے اس کے موجد جناب ذوالفقار علی بھٹو، حضرت مولانا مفتی محمود، جناب عبدالولی خان، غوث بخش بزنجو، قصوری اور بہت سارے ہمارے وہ اکابرین جو اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ یہ آئین ان کا دیا ہوا تھا اور جب ہم debate کو دیکھتے ہیں اس کے بنانے میں تو ہم حیران رہتے ہیں کہ اس وقت NWFP علیحدگی کی طرف جارہا تھا، بلوچستان میں بہت ساری تنظیمیں ملک کے اس حصے کو بلوچستان کو الگ کرنے کے لیے رکھی تھیں لیکن داد دیتا ہوں ان کو اور اپنے ان آثارِ اکابرین کو جو مل بیٹھے اور انہوں نے اس آئین کو بنا کر ہم پر اتنا بڑا احسان کیا پاکستان میں کہ سقوطِ ڈھاکہ کے بعد پاکستان ذلت اور رسوائی کی زندگی پوری دنیا کے اندر بسر کر رہا تھا، معاشی اور اقتصادی طور پر ہم بدحال اور تباہ تھے لیکن ان اکابرین کی وجہ سے ان کی فراست کی وجہ سے 10 اپریل 1973 کو اپوزیشن کا مسودہ جناب ذوالفقار علی بھٹو اور عبدالحفیظ پیرزادہ نے من و عن قبول کیا۔

جناب والا! 1973 کے آئین میں کیا ہے کہ عدالتوں کی آزادی، پارلیمنٹ کی آزادی، تمام جتنے ادارے ہیں اپنے اپنے دائرۂ اختیار کے اندر رہ کر اور میں آپ کو وہ وقت یاد دلاؤں جب ذوالفقار علی بھٹو نے یہ کہا this is a dead rock کہ طلع آزما اس کے خلاف اس کو ختم نہیں کر سکیں گے۔ اس کے بعد دو طلع آزما آئے اور اس کی اینٹ سے اینٹ بجادی، پھر میں شاباش دیتا ہوں موجودہ حال کے سیاسی لیڈروں کو جنہوں نے پھر ایک مرتبہ دانشمندی کی اور 18th amendment کے ذریعے وہ ساری برائیاں جو جنرل ضیاء الحق اور مشرف کے ذریعے لائی گئی تھیں اس کو ختم کیا، عدلیہ کی آزادی کو بحال کیا، پارلیمنٹ کو آزاد کیا، الیکشن کمیشن کو آزاد کیا۔

جناب والا! آج مجھے کہنے دیجئے کہ اس کی دھجیاں اڑا کر رکھ دی گئی ہیں۔ یہ سفر قاضی فائز عیسیٰ سے شروع ہوتا ہے ہم سے bat کا نشان لیا جاتا ہے۔ Form 47 کے تحت اسمبلیوں کو بھرا جاتا ہے اور پھر کیا ہوتا ہے۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب چیئرمین! اس کے بعد، اس سے بڑھ کر ظلم کیا کہ review petition کے اندر خیبر پختونخوا میں ہماری کل آبادی، ہمارے کل ممبران بائیس تھے، ان کو ہماری تیس سیٹیں دی گئی۔ قصہ یہاں ختم نہیں ہوا، Parliamentary Leader نے بڑی وضاحت کے ساتھ یہ کہا اور میں اس کو endorse کرتا ہوں کہ جس طریقے سے ہمیں disqualify کیا جا رہا ہے عدالت کے ذریعے، عدالتی احکام کے ذریعے جس طریقے سے ہمیں disqualify کیا جاتا ہے۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ سکون سے رہیں۔ آپ کو بھی سنیں گے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: اس کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ میں اپنے left میں بیٹھے ہوئے اپنے قابلِ قدر ایوان سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ جواب دیں۔ میں چیئرمین صاحب خاص طور پر آپ کو یہ کہتا ہوں 24، 25 اور 26 نومبر کو میں اٹک جیل میں قید تھا۔ چند دن پہلے میرے پاس FIRs ہیں اور اب میں transit bail لے کر پشاور سے آیا ہوں۔ اس میں لکھا ہے کہ اعظم سواتی کے ہاتھ میں ڈنڈے تھے، اس نے سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا ہے۔ اگر اور کچھ نہیں کر سکتے اگر آپ سے اختیار لیا گیا ہے تو اس اقتدار کو بھی لات مارو۔

جناب چیئرمین! ۔آپ نے تو اتنا بڑا فیصلہ کیا تھا کہ اپنی premiership جو ایک اصول کے لیے قربان کی۔ آج کیا آپ ایوان کے اس ممبر کی دادرسی کر سکتے ہیں؟ اور یہ کسی فوجی نے نہیں کی، اب مجھے یقین ہے کہ یہاں کا جو IG پولیس اسلام آباد کا ہے اس نے بھی یہ نہیں کیا ہوگا۔ یہ مکروہ حرکت کسی DSP یا SHO نے کی ہوگی۔ ان کو یہاں پر بلائیں اور ان سے کہیں کہ یہ چار FIRs اعظم سواتی کے خلاف ہیں جبکہ وہ اٹک جیل میں مقید تھا۔ کوہسار تھانے سے، کراچی کمپنی کے تھانے سے، سیکریٹریٹ کے تھانے سے، ترنول کے تھانے سے کس طرح ان کو یہ ہمت ہوئی کہ وہ اتنی بڑی غلط بیانی کر رہے ہیں؟ یہی تماشا پورے پاکستان کے اندر ہے۔

جناب چیئرمین! ایک سو چار FIRs میرے خلاف ہیں ڈھائی سال کے اندر one third حصہ میں نے جیل کے اندر گزارا ہے۔ میری عمر 77 سال ہے اور اب میں 78 سال میں داخل ہو رہا ہوں لیکن ایک بات بتا دوں، یہ قربانیاں، یہ torture، یہ ظلم، یہ جیلیں ہمیں اپنی حقیقی آزادی سے نہیں روک سکتیں۔ آج میں اس ایوان کی طرف سے طاقتوروں کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ دیکھیں مودی کے خلاف آپ نے بہت بڑا محاذ کامیابی سے حاصل کیا، دنیا کے اندر اس وقت آپ کی عزت ہوئی لیکن پاکستان کے لوگ چاہتے ہیں، 90 فیصد لوگ چاہتے ہیں، جن کے

دلوں پر عمران خان حکومت کر رہا ہے جب تک آپ کو عوامی تائید نہیں حاصل ہو گی اور عوامی تائید کی کنجی صرف عمران خان کے پاس ہے۔اس لیے خدارا ناحق ظلم آخر ظلم ہے جب حد سے بڑھتا ہے تو مٹ جایا کرتا ہے۔ میں عدلیہ کو کہنا چاہتا ہوں، طاقتوروں کو بھی کہہ رہا ہوں کہ دیکھیں ججوں کے سروں کے اوپر لکھا ہے (عربی) آج نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی ہو رہی ہے کہ ہمیں اس وقت نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

میں ایک بار پھر انہی طاقتوروں کو کہتا ہوں کہ آپ کا ساتھ چین کا ساتھ ہے۔ شی جن پنگ کو اپنے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح رکھیں اس لیے کہ اس خطے کے اندر اگر ہم نے اپنا وجود مودی کے خلاف قائم کرنا ہے تو پھر اپنے tested friend کے اوپر ہمیں اعتماد کرنا ہوگا۔ چین کی دوستی Karakoram یا CPEC تک محدود نہیں بلکہ اس نے ہر وقت یہ ثابت کیا ہے کہ وہ ہمارا tested friend ہے اور اس کے ذریعے سے ہم اپنا وجود خدا کے فضل سے اللہ کے بعد قائم کر سکتے ہیں۔ میں یہ بھی کہہ دوں کہ ہمیں Saudi Arabia, Turkey and UAE ان سارے ممالک کو اپنے ساتھ ملانا چاہیے تاکہ ہم اس ملک کے اندر اور اس ملک کے باہر نہ صرف اپنا وجود بلکہ وہ تعمیری کام کریں جس سے RSS کے خلاف ایک زبردست قسم کا بین الاقوامی ہمارا محاذ ہو۔ میں پھر ایک بات بتاؤں کہ خدارا آپ جتنی بھی disqualification کریں گے۔۔

Mr. Chairman: Now, please wind up.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: دیکھ لیں قومی اسمبلی کے اندر۔۔۔ آگے جاری۔۔۔(T08)

**T08-12Aug2025 Tariq/Ed: Shakeel. 05:30 pm**

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی۔۔۔جاری۔۔۔دیکھ لیں قومی اسمبلی کے اندر، پنجاب اسمبلی اور سینیٹ کے اپوزیشن لیڈرز کو disqualify کر دیا ہے۔

میں آخر میں یہ کہہ دوں کہ ہمیں جتنی بھی تکالیف دیں گے بات وہی آپ کی ہے کہ we will chose conviction over compromise اور میں تو یہی کہتا ہوں کہ پروردگار اس عمر کے اندر میں ایک بےکار لاش ہوں، اے اللہ میری یہ زندگی بھی میرے عمران خان کو دے دے تاکہ ملک، انسانیت اور حقیقی آزادی کے لیے وہ اپنا کام کرتا رہے۔ پاکستان پائندہ باد۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! پہلے تو میں آپ کے توسط سے جو نئے اراکین آئے ہیں، آج بھی جنہوں نے حلف اٹھایا ہے، خاص طور پر میرے بڑے بھائی سواتی صاحب اور young Senator مشعال، آپ دونوں کو ہم welcome کرتے ہیں اور بھی بہت سے اراکین خیبر پختونخوا سے اور دیگر صوبوں سے آئے ہیں، ہم سب کو welcome کرتے ہیں۔ یہ جمہوریت کا حسن ہے کہ ہم ایوان میں اپوزیشن کو اس طرح space بھی دیں، اس میں ہماری کوئی خاص بات نہیں ہے، یہ ان کا حق بھی ہے، ہماری ذمہ داری بھی ہے۔ یہ باتیں جناب چیئرمین آپ سے بھی سیکھی ہیں، جب آپ سپیکر ہوتے تھے اور انہوں نے بھی آپ کے حوالے سے بات کی۔

جناب چیئرمین! بات ادوار کی ہو رہی ہے، کہ کیا ہوا اور کیا نہیں ہوا۔ کسی نے یہ نہیں کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ سینیٹ کے گھر سے، اس ایوان سے کبھی ہم نے ایسی بات نہیں کی جس سے کسی کی دل آزاری ہو، جہاں ہم کہیں کہ Leader of the Opposition نہ ہو، میں خود PTI کے ساتھ as Leader of the Opposition serve کر چکی ہوں۔ سواتی صاحب میرے ساتھ بیٹھتے تھے، ہمارے پیچھے benches پر بیٹھتے تھے، ہمارے سامنے (ن) لیگ والے treasury میں ہوتے تھے اور بہت خوش اسلوبی سے ایوان کی کارروائی ہوتی تھی۔ بالکل جائز criticism ہوتی تھی لیکن ایوان چلتے تھے۔ یہ ایک process ہے، آپ اس سے گزر چکے ہیں، سب اس سے گزر چکے ہیں، میں یہ نہیں کہہ رہی کہ that makes it right بات یہ ہے کہ جمہوری سسٹم کے اتار چڑھاؤ میں آپ یہ نہیں کہہ سکتے اور آپ ضرور یاد کریں کہ بانی آئین کے ساتھ تاریخ نے کیا کیا؟ تاریخ نے آپ کے ساتھ اور ہمارے ساتھ کیا کیا؟ پچھلے دور میں بھی سیاسی گرفتاریاں ہوئیں۔ پیپلز پارٹی کے دور میں تو نہ کبھی سیاسی گرفتاریاں ہوئی ہیں، نہ کبھی ہوتی ہیں اور نہ ہم نے کبھی ہونے دی ہیں اور اگر آپ charter of democracy کو دیکھ لیں، اس کے بعد سے کسی کے دور میں سوائے ان کے، میں یہ بات افسوس سے کہوں گی، میں انگلیاں نہیں اٹھانا چاہتی ہوں، میں ماحول کو آلودہ نہیں کرنا چاہتی ہوں لیکن تلخ باتیں کرنا صرف ایک side کا حق نہیں ہوتا ہے اور ہمیں تلخی سے گریز کرنا چاہیے، یہ مشکل وقت کسی پر بھی آ سکتا ہے اور چکا ہے، ہم سب پر آ چکا ہے، ان کے دور میں آ چکا ہے۔

یہاں پر مریم بی بی کی بات کی گئی کہ دروازے توڑے گئے تو فریال تالپور صاحبہ کے ساتھ کیا کیا تھا۔ چاند رات کو، بکتر بند گاڑی میں، دہشت گرد کی طرح اٹھا کر لے گئے تھے۔ یہ کہاں کا ظلم ہے اور پمز ہسپتال کے ڈاکٹرز کھڑے ہوئے تھے، وہ کہہ رہے تھے کہ انہیں نہ لے جائیں ان کی طبعیت ناساز ہے لیکن نہیں، انہوں نے ان کی بات نہیں سنی اور پیپلز پارٹی نے کہا کہ ٹھیک ہے کہ ہم اس کے پیچھے نہیں چھپتے کہ ہم خواتین ہیں یا

مرد ہیں اور وہ ہنستی ہوئی گئی تھیں، کوئی تماشہ نہیں کیا لیکن جو مرد حر ہنستا مسکراتا ہوا گیا، زرداری صاحب جو اس وقت تاریخ رقم کرتے ہوئے دوسری مرتبہ صدر پاکستان بنے ہوئے ہیں، ان کو آپ نے کس طرح زرداری ہاؤس سے اٹھایا تھا، ہم لوگوں نے ان کے کہنے پر پولیس کو چائے پلائی تھی، جناب چیئرمین، آپ بھی وہاں موجود تھے، پولیس والوں کو وہاں پر چائے پلائی تھی کہ وہ اپنا کام کر رہے ہیں اور ان کو آپ کچھ نہیں کہیں گے۔ پیپلز پارٹی کو پتا ہے کہ گرفتاری کیسے دینی ہے۔

ہم تمیز کے دائرے میں رہ کر ہر کام کرتے ہیں تو ہم نے گرفتاری دی۔ وہ 12-12 سال جیلوں میں رہے ہیں، انہوں نے تو کسی کے سامنے سر نہیں جھکایا اور نہ ہم نے کوئی تماشہ کیا، نہ ہم نے جیل بھرو تحریکیں شروع کیں، انہوں نے کہا کہ یہ نہ کریں۔ ابھی بھی جب ان کی پیشی ہوتی تھی تو ہم لوگوں کو وہ منع کرتے تھے کہ تم لوگ کیوں عدالت کو بھر رہے ہو, let the law take its course میں سامنا کروں گا۔ انہوں نے 12 سال جیلوں میں گزارے، کوئی conviction نہیں ہوا۔ دیکھیں آپ یہ نہ کہیں کہ مظالم صرف آپ کے ساتھ ہوئے ہیں، میں اس لیے یہ کہہ رہی ہوں۔ میں اسی لیے یہ بات کر رہی ہوں، شہید ذوالفقار علی بھٹو کو تختہ دار پر چڑھایا گیا، آپ بانی آئین کو یاد کر رہے ہیں، آئین اس وقت یاد کر رہے ہیں تو پیپلز پارٹی نے کیا رد عمل دیا، کسی چھاؤنی پر attack کیا، کبھی 9 مئی والا حشر کیا، دیکھیں آپ لوگ بھی تاریخ سے اور اپنے رد عمل سے کچھ سبق بھی سیکھیں۔ زندہ قومیں اسی طرح سے آگے بڑھتی ہیں، جمہوریت تبھی مستحکم ہو گی جب ہم ایک دوسرے کو تھوڑی عزت دیں گے۔ جناب ہم نے ہمیشہ انہیں بطور اپوزیشن عزت دی ہے۔ آپ نے دی ہے، ہم نے دی ہے اور دینی چاہیے۔ یہ تو جمہوریت کا حسن ہوتا ہے لیکن گالی گلوچ کی سیاست ہم نے کبھی نہیں کی۔ ان کے لیڈر نے باہر ملک سے جا کر کہا کہ میں انہیں برف کی سل پر لٹاؤں گا، ان کو دواؤں کے لیے فریج نہیں دوں گا، انہوں نے کیا کیا باتیں کیں میرے خدا۔ یہ کوئی کرنے کی بات ہوتی ہے، ہم تو کبھی بھی نہیں کریں گے، ابھی بھی نہیں کریں گے اور نہ ہی پہلے کی ہے۔ جناب چیئرمین! یہاں مشرف کی بات ہو رہی تھی۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: ماحول کی بات نہیں ہے۔ میں تو اپنی بات کرکے جاؤں گی۔ میں بات کروں گی اور میں یہ بھی کہوں گی کہ مشرف کی بات ہوئی تو آپ کے لیڈر نے تو ان کے ریفرنڈم میں دستخط کیے ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ مجھے بھی پندرہ منٹ بولنے کی اجازت دیں۔ ان کے لیڈر نے ریفرنڈم میں دستخط کیے۔ ان کے کچھ لوگ مشرف کے وزراء رہے ہیں۔ میں اپنی بات کرنا نہیں چاہتی لیکن جنرل مشرف نے تو مجھے

missing person بنایا ہوا تھا، آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتی ہوں۔ دس دن لے لیے اٹھا کر safe house میں پھینک دیا تھا۔ آپ کیا بات کر رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: پھر آپ کی طرف سے بھی کوئی بات نہیں کر سکے گا۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: پھر کہتے ہیں کہ چین کو دور کر دیا۔ جناب یہ کیا بات کر رہے ہیں، جب چین کے اعلیٰ حکام یہاں آ رہے تھے تو انہوں نے ڈی چوک پر تماشہ کرکے انہیں واپس گھر بھیجا، یہ بھول گئے ہیں۔ انہوں نے سی پیک کو ملیا میٹ کر دیا، یہ کیوں بھول گئے ہیں۔ آپ ہمیں خارجہ پالیسی نہ سکھائیں۔ اس وقت پاکستان کی خارجہ پالیسی اللہ کے فضل سے، اس حکومت کی وجہ سے، جنرل عاصم منیر کی وجہ سے اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی وجہ سے عروج پر ہے۔ آپ کو اس پر فخر ہونا چاہیے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ protest کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی مرضی ہے مگر she will speak, there was no interference when you was speaking.

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! برداشت کا مادہ نہیں ہے، عدم برداشت نے ان کے پہلے دور کو بھی خراب کیا، عدم برداشت نے ان کے ہر page کو پھاڑا، اب یہ pages پھاڑ پھاڑ کر کیا چاہتے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: اب آپ غنڈہ گردی پر اتر آئے ہیں تو اس کا کوئی حل نہیں ہے۔ ہم تو بات کرتے جائیں گے۔ میں نے جو بات کرنی تھی وہ میں نے کر لی جناب چیئرمین لیکن ہمیں چین اور خارجہ پالیسی کا حوالہ نہ دیں۔ آپ اس ملک میں خارجہ پالیسی کے حوالے سے تباہ کاریاں لائے ہیں۔ آپ نے تمام دوستوں کو دور کر دیا، خاص طور پر چین کو تو آپ کیا بات کر رہے ہیں اور اب آپ غنڈہ گردی پر اتر آئے ہیں، سب اپنی بات کریں گے۔ مجھے کوئی اور بات نہیں کرنی ہے، کوئی فائدہ نہیں ہے، ان کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی ہے اور نہ ہی ان کو ہمارے خلوص سے کوئی استفادہ ہوتا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! مجھے آپ کی آواز بھی نہیں آ رہی ہے۔ مجھے سیکرٹری صاحب کہہ رہے ہیں کہ بڑا لمباagenda ہے تو میں conclude کروں گی کیونکہ میرے colleagues نے بھی بات کرنی ہے، ان کو پاکستان کی اقتصادی اور خارجہ پالیسی کی کامیابی ہضم نہیں ہو رہی ہے، یہ ہر بات میں اپنا قیدی سامنے لے آتے ہیں۔ Air bubble کی صعوبتوں کی بات کوئی نہ کریں اس چیئرمین سے جس نے پانچ سال سے زیادہ صرف jobs دینے پر جیل میں گزارے ہیں۔ یہ یہاں کھڑے ہو کر ہمیں کس چیز کا درس دے رہے ہیں۔ ہم نے ان کے ساتھ صرف ہمدردی اور خلوص کا اظہار کیا ہے۔ آپ نے وزیر قانون کی تقریر سنی، آپ نے House Business Advisory Committee میں ہمارا رویہ دیکھا لیکن یہ چیخنے پر اتر آتے ہیں۔ ابھی بھی عدم برداشت دیکھیں۔ انہیں قومی دھارے میں کیسے کوئی لے کر آئے اگر ان کا یہ رویہ ہے۔۔۔۔

آگے جاری۔۔۔۔(T-09)

T09-12Aug2025 Mariam Arshad/Ed:Mubashir 05:40 p.m.

سینیٹر شیری رحمان (جاری۔۔۔): عدم برداشت ابھی بھی دیکھئے تو ان کو قومی دھارے میں کوئی کیسے لے کر آئے اگر ان کا رویہ یہ ہو گا کیونکہ ان کے لیڈر جو ہیں ان کی ساکھ نہیں مانتے۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: If they are interested then I give the floor to the Law Minister to move Order No.3.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کوئی بھی ممبر move کر دے اگر free ہے، میں کر دیتا ہوں۔۔ عرفان صاحب؟

## Presentation of the Report of the Functional Committee on Human Rights on [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024]

Senator Irfan-ul-Haque-Siddiqui: I, on behalf of Senator Samina Mumtaz Zehri, Chairperson, Functional Committee on Human Rights, present report of the Committee on the Bill further to amend the ICT Rights of Persons with Disability Act, 2020 [The ICT Rights of Persons with Disability (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on 10th June, 2024.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Report stands laid. Is it Order No.3.? Order No.4. Senator Dr. Khalid Maqbool Siddqui.

(اس موقع پر پی ٹی آئی کے اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

**Introduction of [The Daanish Schools Authority Bill, 2025].**

Senator Azam Nazeer Tarar: I, on behalf of Minister for Federal Education and Professional Training, introduce a Bill to provide for the establishment and management of the Daanish Schools [The Daanish Schools Authority Bill, 2025].

Mr. Chairman: The bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned.

Order No.5. Mr. Jam Kamal Khan.

**Consideration and Passage of [The Anti-Dumping Duties (Amendment) Bill, 2025]**

Mr. Jam Kamal Khan (Minister for Commerce): I, move that the Bill further to amend the Anti-Dumping Duties Act, 2015 [The Anti-Dumping Duties (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Second Reading of the Bill i.e clause by clause consideration of the Bill. Clauses 2 to 3, there is no amendment in Clauses 2 and 3, so, I put the clauses as one question. The question is that the Clauses 2 and 3 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 and 3 stand part of the Bill. Now, we take up Clause 1 The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1 The Preamble and the Title, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1 The Preamble and the Title, stands part of the Bill.

Order No.6. Mr. Jam Kamal Khan.

Mr. Jam Kamal Khan: I, Minister for Commerce, move that the Bill further to amend the Anti-Dumping Duties Act, 2015 [The Anti-Dumping Duties (Amendment) Bill, 2025], be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The bill stands passed unanimously. Order No.7. Senator Azam Nazeer Tarar.

**<u>Laying of the Annual Report of the Council of Islamic Ideology for the Year 2020-21</u>**

Senator Azam Nazeer Tarar: I, Minister for Law and Justice, lay before the Senate the Annual Report of the Council of Islamic Ideology for the Year 2020-21, as required under Article 230 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.8. Senator Azam Nazeer Tarar.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: یہ ہو جائے پھر جواب دیتے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: House میں صرف لانا ضروری نہیں ہے اس پر اب debate کرنا بھی ضروری ہے تو میرا خیال ہے کہ اب 26th Amendment جو ہے اکتوبر کے بعد اب جولائی آ گیا ہے۔ ایک سال ہونے کو ہے اس معاملے کو record پر آنا چاہیے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ایک تو وہ ظاہر ہے prospective جائے گی this report pertains to year 2020-21 اور اس کو بھی examine کر کے i will get back to you. میں وضاحت بھی کر دوں آج National Assembly میں Rights of Minorities Commission کے اوپر گفتگو کرتے ہوئے میں نے وضاحت کر دی تھی کہ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے ہم نے پوری احتیاط کی ہے اور اس کے overriding effect کی وجہ سے جو ہمارے ختم نبوت کے قوانین یا قادیانیوں

کے حوالے سے قوانین اس پر کوئی اثر نہیں اور ہم نے بہت چھان بین کے بعد کیا ہے۔ اس کے باوجود اگر کسی قسم کی بھی اس میں تشریح یا اس کی ضرورت ہے تو ہم تیار ہیں کیونکہ ہمارے لیے جو یہ دین اور ختم نبوت ﷺ کے معاملات ہیں۔ وہ ہمیں دل و جان سے عزیز ہیں اور اس کے لیے ہم ہر وقت تیار ہوں گے۔

میں عرض کرنے لگا ہوں وہاں پر کمیٹی بہت بڑی تھی جو سینیٹر علی ظفر کی سربراہی میں تھی تو میں نے وہاں پر بات کی کہ سینیٹر کامران مرتضٰی بھی تھے اس کمیٹی میں انہوں نے میری تصحیح کرادی ہے۔ میں اس کے لیے معذرت خواہ بھی ہوں اور شکر گزار ہوں کامران مرتضٰی صاحب نے بتایا ہ وہ اس کمیٹی کے رکن نہیں تھے۔So, I stand corrected اور اس کے بابت میں البتہ آپ سے اور باقی لوگوں سےengagedہوں اور حکومت اس پر بلکل clearہے۔ البتہ یہ ایک بہت اچھیlegislationہوئی ہےسب نے مل کر Opposition and Governmentنے کیا ہےI appreciate for that اور اگر اس میں کوئی کمی بیشی ہے۔ اول تو ہر چیز بلکل واضح ہے کیونکہ عدالتی فیصلے موجود ہیں ہم اس کے لیے بھی آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔

Mr. Chairman: Senator Azam Nazeer Tarar please move Order No.8.

## Laying of the Gender Parity Report ICT of the National Commission on the Status of Women for the Year 2023

Senator Azam Nazeer Tarar: I, Minister for Human Rights, lay before the Senate the Gender Parity Report ICT of the National Commission on the Status of Women for the Year 2023, as required under sub-section (2) of section 16 of the National Commission on the Status of Women Act, 2012.

Mr. Chairman: The report stands laid.

ذیشان خان زادہ صاحب کاCalling Attentionہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: ان سے پوچھیں وہ آئیں گے یا نہیں۔ Order No.9. Calling Attention Notice in the name of.. یہ اگر نہیں ہوتا تو پھرpoint of orderہو گا۔ ٹھیک ہے بات کریں۔

**Point of Public Importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding the incident of honour killing in Balochistan**

سینیٹر منظور احمد: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ بلوچستان کے شہر کوئٹہ کا ایک واقعہ تھا، کوئٹہ شہر میں مارگٹ کا علاقہ تھا، غیرت کے نام پر جو واقعہ ہوا تھا جس میں ایک خاتون اور مرد کو گولیاں ماری تھیں۔ ہم اس کی مذمت بھی کرتے ہیں اور ہم اس کے مخالف بھی ہیں لیکن جس بندے نے یہ crime commit کیا ہے اس کے خلاف بیشک آئین جو کہتا ہے، قانون جو کہتا ہے ان کو وہ سزا ملنی چاہیے۔ لیکن جب یہ واقعہ پیش آیا تھا social media پر جب یہ چیز سامنے آئی تو social media کی picture کچھ اور تھی اور پس پردہ کچھ اور تھا۔ اب اس کو social media پر اتنا highlight کیا گیا کہ جو سردار شیر باز ساتکزئی تھا، اب اس کی اس میں کوئی involvement نہیں تھی۔ اگر اس کی کوئی involvement ہوتی سرادر ہے علاقے کا بلکل ہے اگر اس کے پاس یہ فیصلہ گیا ہو تو بھی ٹھیک تھا۔ لیکن اس کے پاس نہ کوئی فیصلہ گیا ہے اور نہ اس واقعہ سے متعلق اس کے پاس کوئی گیا ہے لیکن سنی سنائی باتیں تھیں اور یہاں social media پر اس کو اتنا اچھالا کہ media کی زینت بھی بنی اور talk shows کی زینت بھی بنی۔

جناب چیئرمین! اس کے جو پس پردہ حقائق ہیں خاتون پہلے سے شادی شدہ تھی، ستارہ سال کا اس کا بڑا بیٹا ہے، چار پانچ بچے اس کے اور ہیں۔ ہم اس واقع کی مخالفت کرتے ہیں لیکن جہاں پر سردار شیر باز ساتکزئی ہے اس کو اس میں کیوں involve کیا گیا، نہ کوئی تحقیق ہوئی، نہ کچھ ہوا اور اس کے گھر جا کر چھاپہ مارا اور اس کو گرفتار کر لیا۔ پھر اس کی والدہ نے خود statement دی اور پھر 164 بھی ہوا۔ اس کیس سے سردار شیر باز ساتکزئی کا کوئی تعلق نہیں ہے اور ابھی تک اس کے گھر پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

(جاری۔۔۔T10)

T10-12Aug2025 FAZAL/ED: Waqas 05:50 pm

سینیٹر منظور احمد: (جاری ہے۔۔۔) اور ابھی تک اس کے گھر پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ جس نے یہ crime commit کیا ہے اس کو گرفتار کیوں نہیں کیا جا رہا ہے۔ اصل میں گرفتار تو اس کو ہونا چاہیے تھا۔ 164 کا جو بیان ہے۔ سمالانی اور ساتکزئی دونوں اقوام کا statement آیا ہے کہ سردار کا اس واقعہ سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے۔ اگر کوئی تعلق ہوتا تو بے شک اس کی گرفتاری ہونی چاہیے تھی۔ اس کے خلاف قانونی کارروائی اور اس کو سزا بھی ہونی چاہیے تھی لیکن اس طرح کے واقعات کا اس کو پتا ہی نہیں، اس کو خبر ہی نہیں، والدہ بھی statement دے رہی ہے۔ 164 کے statements بھی آ رہے ہیں لیکن اس کے باوجود اس کے گھر پر چھاپے

مارے جا رہے ہیں۔ میں لا منسٹر صاحب سے اور باقی جو منسٹرز صاحبان ہیں ان سے یہ request کروں گا کہ اس واقعے کی اچھی طرح تحقیق ہونی چاہیے۔ جو باتیں یہاں پر ہیں وہ چیزیں ground پر نہیں ہیں۔ خواہ مخواہ اس سردار کو اس کیس میں پھنسایا گیا ہے۔ تو میں request کروں گا یہاں پر جو منسٹرز صاحبان ہیں، لا منسٹر اور باقی جو منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں کہ اس میں بات کی جائے اور اس واقعہ کے جو اصل حقائق ہیں وہ سامنے آنے چاہییں۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ عرفان صدیقی صاحب! آپ نے بولنا ہے؟ اب امن ہے، آپ بول سکتے ہیں۔

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جی ہاں میں بولوں گا۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ مجھے بہت افسوس ہے اور آپ کو یاد ہوگا کہ Business Advisory Committee میں جب ہم بیٹھے ہوئے تھے تو وہاں بھی میں نے گزارش کی تھی جب بہت ہی محترم علی ظفر صاحب نے کہا تھا کہ ہم بولنا چاہتے ہیں اور آپ نے بڑی فراخدلی سے کہا تھا کہ آپ ضرور بولیں اور ہم نے بھی agree کیا تھا کہ ضرور بولیں۔ تو میں نے ایک جملہ کہا تھا کہ بولیے بھی اور سنیے بھی لیکن وہ بولے تو ضرور لیکن انہوں نے سنا نہیں حالانکہ جمہوریت کا سلیقہ اور قرینہ یہی ہے کہ اپنی بات کہو اور دوسرے کی بات سنو چاہے وہ غلط ہے، چاہے وہ تلخ ہے، چاہے وہ آپ کے نکتہ نظر کے مخالف ہے۔ ہم نے بڑے تحمل سے ان کی گفتگو سنی اور میرا خیال ہے کہ قدرت کا نظام بھی کچھ ایسا ہی ہے کہ اس نے ایک زبان دی ہے اور دو کان دیے ہیں کہ بولو کم اور سنو زیادہ لیکن یہاں جونہی بات ہمارے بارے میں، ہمارے لیڈروں کے بارے میں، past کے بارے میں پتا نہیں کیا کیا فرضی تخیلاتی باتیں کہی گئیں اور جب ہماری بہت محترم colleague نے کچھ باتیں ایسی کہیں جو ماضی سے تعلق رکھتی ہیں اور حقائق ہیں، وہ کوئی افسانے نہیں تھے، کوئی فرضی تخیلاتی باتیں نہیں تھیں۔ فریال تالپور صاحبہ کو چاند رات کو اٹھایا گیا۔ چاند رات کو اٹھایا گیا اور ہسپتال کے ڈاکٹرز روکتے رہ گئے کہ نہیں ان کو ہسپتال میں رکھنے کی ضرورت ہے لیکن آپ کو انہیں جیل میں لے جانے کی ضرورت تھی۔ مریم نواز سے آپ نے کیا کچھ کیا۔ وہ بھی کسی کی بیٹی ہے اور کسی کی بہن ہے۔ میں تو اپنی کہانی بار بار ان کو سناتا نہیں ہوں۔ میں شاید اس ہاؤس کا واحد آدمی ہوں جس پر کرایہ داری کا کیس بھی بنا اور غداری کا بھی بنا۔ کرایہ داری کا اس لیے بنا کہ میرا کوئی فرضی گھر تھا جو کہ میرا نہیں تھا۔ اس گھر میں کوئی کرایہ دار آ گئے اور میں نے ان کے کوائف تھانے میں جمع نہیں کرائے۔ یہ میرا جرم ٹھہرا۔ آدھی رات کو اٹھایا۔ اگلے دن ہتھکڑی ڈالی اور magistrate کے سامنے پیش کیا اور اس نے کہا کہ چودہ دن کے لیے جیل چلے

جاؤ۔ یہ ان کے دور کی کہانی ہے۔ یہ 2019 کی کہانی ہے۔ کوئی بہت پرانی کہانی نہیں ہے۔اس کے بعد ایک function ہوا۔ میاں صاحب غالباً لندن میں تھے۔انہوں نے وہاں تقریر کی اور یہاں پر ان کی مجلس عاملہ کے کچھ ارکان نے Zoom پر بیٹھ کے وہ تقریر سنی۔اس پر جتنے سننے والے تھے انہی کے دور میں، جمہوریت کے دور میں، جو کہتے ہیں جی کہ what goes around comes around. ان کے دور میں، جو کہتے تھے جی جو بوگے وہ کاٹوگے۔انہیں کاٹنے کی تو یاد ہے کہ ہم کیا کاٹ رہے ہیں، یہ بھول گئے ہیں کہ بویا کیا تھا ہم نے۔ وہ کاشتکاری والا جو ان کا دور ہے نااس کو بھلا بیٹھے ہیں۔کاٹنے والی فصل ان کو یاد ہے۔ یہ کانٹے جو آپ کاٹ رہے ہیں یہ آپ کے اپنے بوئے ہوئے ہیں۔تو وہ غداری کا کیس بن گیاکہ تم نے نواز شریف کی تقریر کیوں سنی۔ جناب چیئرمین! پچیس آدمیوں پر آج بھی وہ غداری کی FIR موجود ہے۔تو یہ تو آپ کے کارنامے ہیں۔ کون سا اپوزیشن لیڈر تھا یا کون سا ایسا فرد تھاان کے دور میں جس پر (N) PML کا label تھا اور وہ جیل سے باہر تھا۔ کسی نہ کسی جرم میں، اگر کوئی جرم نہیں ملتا ہے تو اس پر Heroin کا کیس ڈال دو۔ اس پر ephedrine ڈال دو۔ اس پر کرایہ داری ڈال دو۔ وہ جیل میں ضرور جانا چاہیے۔ یہ ہے وہ فصل، یہ ہیں وہ کارنامے، یہ ہے وہ نامہ اعمال جو ہم آپ سے بدلہ نہیں لے رہے ہیں۔ مکافات عمل کی ایک آواز آ رہی ہے۔اوپر سے آواز آ رہی ہے کہ یہ آپ نے کیا تھا اب بھگتو۔ ہم نہیں چاہتے اور ہمیں کوئی خوشی نہیں ہے اس بات کی لیکن یہ کہتے ہوئے کہ جیسا کروگے ویسا بھروگے۔یہ فرمایا میرے دوست علی ظفر نے اور کہا کہ جو بوگے وہ کاٹوگے۔ پتا نہیں کس دل سے یہ بات کہتے ہیں کہ بھئی جو بویا آپ نے وہ کاٹ رہے ہیں۔ یہ سامنے کی بات ہے۔ پھر نواز شریف صاحب جو حکومت میں تھے، جو وزیر اعظم تھے، یہ کہتے ہیں جی کہ ہمیں یہ ہو گیا تو ہمیں سزائیں ہو گئیں۔ بھئی آپ کو سزا ہوتی ہے ایک چھوٹی عدالت سے، آپ ہائی کورٹ میں اپیل کرنے چلے جاتے، آپ کو ہائی کورٹ میں شنوائی نہیں ہوتی تو آپ سپریم کورٹ میں چلے جاتے، آپ کی سپریم کورٹ میں دل جوئی نہیں ہوتی تو آپ کہتے ہیں جی کہ ہم نے نظر ثانی کی درخواست کرنی ہے۔ نواز شریف کا تو کیس ہی سپریم کورٹ سے شروع ہوتا تھا اور وہیں ختم ہو جاتا تھا۔نہ کوئی اپیل ہوتی تھی، نہ کوئی وکیل ہوتا تھااور نہ کوئی دلیل ہوتی تھی۔ وہ آپ بھول گئے۔آپ کہتے ہیں کہ ہم پر، آپ کہتے ہیں کہ قاضی فائز عیسیٰ سے یہ مظالم شروع ہوئے۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین، سیدال خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: یہ کھوسہ کس کا نام تھا جس نے آپ کے لیڈر کو سڑک سے بلا کر کہا کہ ہمارے پاس آؤ بھائی باہر کیا کر رہے ہو اور وہ درخواست جو frivolous تھی باہر پھینک دی گئی تھی اس کو اٹھا کر سننا شروع کر دیا اور ایک sitting Leader کو گھر بھیج دیا۔ وہ چیزیں آپ بھول گئے۔ پھر آپ کہتے ہیں کہ آپ بولنے نہیں دیتے۔ بھائی ہم بولنے دیتے ہیں۔ بولو لیکن حملے نہ کرو، بولو لیکن GHQ نہ جلاؤ، بولو لیکن اپنی فضائیہ کے طیارے نہ جلاؤ، بولو لیکن کور کمانڈر ہاؤس پر حملے نہ کرو، بولو لیکن چکوال میں جا کے ISI کا گھیراؤ نہ کرواور بولو لیکن فوج کو گالی نہ دو۔ بولنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ جو چاہیں کرتے چلے جائیں اور پھر 9 مئی بھی ہے۔ 9 مئی کو میں کہاں لے جاؤں۔ 9 مئی اس تاریخ کا حصہ ہے یا نہیں ہے یا تو آپ یہ کہیں جی کہ 8 مئی آیا تھا اس کے بعد 10 مئی آیا۔ جناب چیئرمین! 8 کے بعد 10 مئی نہیں آیا۔ بیچ میں 9 مئی بھی آیا ہے اور 9 مئی وہ دن ہے کہ 250 مقامات پر حملے ہوئے اور جن کا رونا آپ رو رہے ہیں انہوں نے ٹیلی فون کر کے کہا کہ ہم نے جلا دیا، ہم نے ransack کر دیا، کوئی گملہ نہیں چھوڑا اور کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ یہ باتیں ریکارڈ پر آئی ہوئی ہیں۔ بچے بچے نے سنی ہوئی ہیں۔ تو اگر 250 مقامات پر حملے ہوتے ہیں اور ہر حملہ صرف دو آدمی کرتے ہیں تو بھی پانچ سو کو تو جیل جانا چاہیے نا۔ آپ میں سے کتنے ہیں جنہوں نے اس کی مذمت کی ہے۔ اسد قیصر صاحب نے کل کہا۔ جناب چیئرمین! بڑے محترم ہیں، انہوں نے کہا کہ ہماری صرف ایک غلطی ہے کہ ہم نے باجوہ صاحب کو extension دی تھی۔ آپ کی غلطیوں کا ایک انبار ہے، ایک پہاڑ ہے اور ان میں سب سے بڑی غلطی یہ تھی کہ 9 مئی کو آپ نے ریاست پر حملہ کیا تھا۔ یہ واردات اگر انڈیا میں ہوئی ہوتی تو وہ کیفر کردار کو پہنچ چکے ہوتے۔ یہ واردات امریکہ میں ہوتی تو Capitol hill کے مجرموں کی طرح کیفر کردار کو پہنچ چکے ہوتے۔ یہ واردات اگر برطانیہ میں ہوتی تو وہ لوگ بھی۔۔۔ افنان میں گفتگو کر رہا ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House. Yes, please.

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: یہ برطانیہ میں ہوئی ہوتی تو جو london rights کے مجرموں کی طرح کیفر کردار کو پہنچ چکے ہوتے۔ یہ خیبر پختونخوا سے اٹھتے ہیں، وزیراعلیٰ راہنمائی کرتے ہیں اور یہاں آ کر پاکستان کا ایک صوبہ حملہ کش ہو جاتا ہے۔ انڈیا کی 29 ریاستوں میں سے کوئی ریاست کا سربراہ نئی دہلی پر حملہ کرنے کے لیے نکلے پھر ہم دیکھیں کہ کیا ہوتا ہے۔ جمہوریت کا رونا روتے ہیں۔ کون سی جمہوریت ہے؟ میں میاں صاحب کے ساتھ جب وہ وزیراعظم تھے بنی گالہ گیا تھا۔ خان صاحب سے انہوں نے کہا کہ آئیں

مل کر حکومت کا کام چلاتے ہیں۔ ملک کو آگے بڑھاتے ہیں۔ وہ وزیراعظم جو گالیاں کھا چکا تھا۔ وہ بغیر پروٹوکول کے چل کر گیا۔ ان سے پوچھیں کہ پورے چار سال کے اندر انہوں نے Opposition Leader سے ہاتھ ملایا ہے۔ السلام علیکم بھی کہا ہے یا اس نے السلام علیکم کہا ہے تو انہوں نے وعلیکم السلام کہا ہے؟ یہ جمہوریت کی بات کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جو بوگے وہ کاٹوگے۔ کہتے ہیں جی کہ what goes around comes around. یہ نہ کہیں، یہ طعنے نہ دیں۔ (جاری ہے۔۔۔۔T11)

**T11-12Aug2025 Naeem Bhatti/Ed: Khalid 6:00 pm**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: (جاری۔۔۔۔) یہ نہ کہیں، یہ طعنے نہ دیں، ہاں! آپ کے لیڈر کو سزا ہوئی ہے، آپ ضرور احتجاج کریں، آپ کو اس کا حق ہے، مہذب حدود کے اندر بولیں، ہم آپ کا دکھ بھی سمجھتے ہیں، آپ کا درد بھی سمجھتے ہیں لیکن ہمیں یہ طعنے نہ دیں کہ آج ہمارے ساتھ یہ ہو رہا ہے تو کل تمہارے ساتھ بھی ہوگا۔ ہمارے ساتھ ہو چکا ہے، ہم نے کوئی نو مئی نہیں کیا تھا، نواز شریف نااہل ہوئے، یہاں سے لاکھوں لوگوں کے ساتھ ایک بڑے جلوس لے کر نکلے لیکن کسی نے GHQ کی طرف نہیں دیکھا، وہ GHQ کے ساتھ سے گزرے۔ کسی نے اُس طرف کوئی کنکر بھی نہیں پھینکا۔ جیسا انہوں نے کہا کہ ان کے ایک لیڈر کو پھانسی ہو گئی، ان کی ایک لیڈر قتل ہو گئی، کسی نے چھاؤنیوں پر حملے نہیں کیے۔ آپ نے کوئٹہ چھاؤنی سے لے کر چکدرہ چھاؤنی تک اڑھائی سو مقامات پر حملے کیے، وہ کس نے کیے؟ اگر آپ نے یہ نہیں کیے تو کیا پھر خلاء سے آئے ہوئے لوگ تھے، کوئی تو تھے۔ آج آپ ایک چیز کی معافی مانگ رہے ہیں کہ ہم نے باجوہ کو توسیع دے کر غلطی کی تھی، ایک مرتبہ یہ بھی مان لیں تاکہ قضیہ ختم ہو جائے کہ ہم گمراہ ہو گئے تھے، ہم نے غلط کام کیا، ہم نے State پر حملہ کیا، ہم نے ان اداروں پر حملہ کیا جو ہمارے تحفظ اور دفاع کی ضمانت تھے، ہم سے غلطی ہو گئی، ہمیں معافی دے دیں، آگے چلیں، وہ بھی نہیں کرتے۔

جناب والا! ہمارے وزیراعظم دس مرتبہ کہہ چکے ہیں، وزیر قانون کہہ چکے ہیں، PML (N) کے صدر کہہ چکے ہیں۔ بات چیت ضرور کریں، آئیں، بیٹھیں، اپنی grievances سامنے رکھیں، ہماری بات سنیں، اپنی بات کہیں، آپ نے ایک process شروع کیا تھا، اسے بیچ میں چھوڑ کر چلے گئے۔ آپ کی جماعت کے اندر دس زبانیں ہیں، آپ کے لیڈر کچھ اور کہہ رہے ہوتے ہیں، آپ کو تحریک چلانے کے لیے وہ دن یاد آتا ہے جس میں پاکستانیت جڑی ہوتی ہے۔ آپ کبھی کشمیر کے دن تحریک چلاتے ہیں، کبھی آزادی کے دن آپ تحریک چلاتے ہیں۔ کل تک کہتے تھے کہ ہمیں غلامی نامنظور، آج کہتے ہیں کہ ہمیں آزادی نامنظور۔ یہ کیا جماعت ہے، انہیں غلامی بھی نامنظور تھی، آج آزادی بھی نامنظور ہے۔ یہ آزادی کے دن بھی جلوس نکال رہے ہیں اور احتجاج کر رہے ہیں۔ اپنے ہوش و حواس میں آئیں، اپنا لائحہ عمل بنائیں، اپنا کوئی راستہ چنیں، اپنے صراطِ مستقیم

کی طرف لوٹ کر آئیں، اپنے آپ کو ضائع نہ کریں، اپنی توانائیوں کو ضائع نہ کریں۔ آپ اسی طرح گرتے پڑتے چلے جائیں گے اور بالکل فارغ ہو جائیں، یہاں سے بھی فارغ ہوں گے اور سیاست سے بھی فارغ ہو جائیں گے اور یہ ہماری وجہ سے نہیں بلکہ اپنی کارستانیوں کی وجہ سے، اپنے کارناموں کی وجہ سے۔ آپ نہ کسی سے بات کرتے ہیں، نہ آپ کسی سے کلام کرتے ہیں، نہ آپ کسی سے مذاکرات کرنا چاہتے ہیں، نہ آپ کی کسی کے ساتھ سلام دعا ہے۔ آپ نے APC منعقد کی، میں اس APC کو کیا کہوں کہ جہاں آپ پانچ جماعتیں بیٹھی ہوئی تھیں اور جن کو کہیں کوئی کیمرہ نہیں ملتا، اُدھر چار بندے دائیں بائیں آ کر اور بیٹھ گئے، وہ APC ہو گئی۔ جناب والا! اُس ساڑھے پانچ صفحوں کی statement میں انہوں نے ایک جملہ معرکہ حق پر نہیں کہا۔ انہوں نے ایک جملہ نہیں کہا کہ ہماری افواج کو سلام جنہوں نے بھارت کے خلاف فتح حاصل کی۔ یہ کس دنیا میں رہ رہے ہیں؟ یہ جن کی زبان بول رہے تھے کل امریکہ نے انہیں بھی ban کر دیا۔

جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آئیں، مل بیٹھ کر بات کریں، آج، کل، پرسوں، دس مہینے بعد، دو سال بعد، آپ کا راستہ اگر نکلنا ہے تو وہ گفتگو سے نکلنا ہے، مذاکرات سے نکلنا ہے، سیاستدانوں کے ساتھ بیٹھ کر نکلنا ہے۔ آپ نے حملے کر کے دیکھ لیا، آپ نے اڑھائی سو مقامات کو جلا کر دیکھ لیا، آپ نے چھبیس نومبر کو حملہ کر کے دیکھ لیا، آپ نے پانچ اگست کی کارروائی دیکھ لی، اب آپ چودہ اگست کو بھی دیکھ لیجیے گا، کچھ نہیں ہونا، آپ کی پوری قیادت کو دس دس سالوں کی سزائیں ہو گئیں۔ مجھے بتائیں کوئٹہ سے لے کر چکدرہ تک دو آدمی نکلے، کہتے ہیں کہ نوے فیصد قوم ہمارے ساتھ ہے، کہاں ہے وہ نوے فیصد؟ آپ کی پوری قیادت کو سزائیں ہونے پر کوئی دو آدمی بھی نکلے ہیں؟ نہیں نکلے۔ اس لیے آپ زمینی حقائق کو مان لیں، اپنے خوابوں کی دنیا سے باہر نکلیں، رات کو تو نیند میں خواب اپنے بس میں نہیں ہوتے، جاگتی آنکھوں کے خواب مت دیکھیں۔ ہمیں ان سے بہت ہمدردی ہے، ان کے Leader of the Opposition گئے ہیں، وہ ہمارے دوست ہیں، ان کے بارے میں مہذب طریقے سے، جمہوری طریقے سے، تہذیب کے اندر جو مرضی کہتے رہیں، یہ نہیں کہ وہ بولتے رہیں اور ہمارے colleagues بولیں تو ان پر آوازیں کسی جائیں اور پھر walk out کر دیا جائے۔ جب آپ بولنے کی قدرت رکھتے ہیں تو پھر سننے کا حوصلہ بھی پیدا کریں، یہ جمہوریت ہے اور جب تک آپ جمہوریت کا سبق نہیں لیتے، آپ اُدھر بیٹھے رہیں گے، اِدھر تقاریر چلتی رہیں گی، دنیا آگے چلتی رہے گی، دنیا آپ کی وجہ سے نہیں رکے گی، نہ پارلیمنٹ رکے گی، نہ قانون سازی رکے گی۔ جناب والا! میں اُن سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ ایوان کے اندر آ جائیں، اب تو ایمل ولی بھی آ گئے ہیں، ماشاءاللہ بڑی خوبصورت تقریر کریں گے، ہم سب سنیں گے، وہ سب بھی سنیں۔ میں ان گزارشات کے ساتھ آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر علامہ ناصر عباس صاحب۔

## **Point of public importance raised by Senator Raja Nasir Abbas regarding ban on people to going Iraq by road for religious worship due to security concerns**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: شکریہ، جناب چیئرمین! میں ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں جو بہت سنگین ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے اسلاف واجداد نے پاکستان نے اس لیے بنایا تھا کہ ہم یہاں مسلمان ہونے کے ناطے آزادی کے ساتھ اپنی عبادات کو سرانجام دیں گے، ہم اپنے فیصلے خود کریں گے، آزاد ہوں گے اور پاکستان کے تمام شہریوں کو مساوی حقوق ملیں گے۔ اسی بنیاد پر پاکستان کاآئین بنااور اس کے ابتدائی دو درجن سے زیادہ Articles بنیادی انسانی حقوق کے بارے میں ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ محرم اور صفر دو مہینے امام حسین علیہ السلام نواسہ رسول ﷺ جو کربلا میں شہید ہوئے، صدیوں سے ان کا ذکر ہوتا ہے، مجالس عزاء ہوتی ہیں اور عزاداری کے جلوس دنیا میں ہوتے ہیں، پاکستان بننے سے پہلے برصغیر میں ہوتے تھے اور اب بھی ہوتے ہیں۔ ہمارے اپنے گھر میں ایک سو پچاس سال سے عزاداری ہوتی ہے۔ اب صورت حال یہ ہے کہ لوگ پیدل جاتے ہیں، گاڑیوں میں جاتے ہیں، موٹر سائیکلوں پر جاتے ہیں۔ اس وقت چہلم امام حسین علیہ السلام کے بارے میں ہمارے اہل آئمہ اہل بیت علیہ السلام نے، امام جعفر صادق علیہ السلام نے، دیگر آئمہ نے تاکید کی ہے کہ آپ پیدل جائیں اور اربعین میں شرکت کریں۔ آپ جانتے ہیں کہ ایک دور میں لوگ حج کے لیے بھی پیدل جاتے تھے، امام حسین علیہ السلام کے ساتھ سواری ہوتی تھی، انہوں نے مدینے سے پاپیادہ بیس سے زائد حج کیے ہیں، (عربی) لیکن اس وقت پنجاب میں کیا ہو رہا ہے، سندھ میں اس طرح کا کوئی مسئلہ نہیں ہے، دوسرے صوبوں میں کوئی مسئلہ نہیں ہے، ایک لفظ 'مشی' ہے جو عربی کا لفظ ہے، یعنی پیدل چلنا، walk کرنا، سواری کے بغیر کہیں جانا۔ لوگ جاتے ہیں، پاکستان میں آبادی بہت بڑھ گئی ہے۔ اب صورت حال یہ ہے کہ محرم کے اندر خواتین پر جتنی FIRs کاٹی گئی ہیں، چاردیواری میں مجالس پر جتنے لوگوں کو Schedule IV میں ڈالا گیا ہے، میں یہ سب کچھ تیار کر رہا ہوں۔ ابھی وہ ختم نہیں ہوا تھا کہ اب اربعین آگیا ہے۔ لہٰذا چہلم امام حسین علیہ السلام کی مناسبت سے لوگ پیدل جاتے ہیں۔ پہلے کہا گیا کہ security کا مسئلہ ہے، اربعین سے چند دن پہلے لوگ پیدل جاتے تھے، بلوچستان کے ذریعے سال میں دس لاکھ لوگ سفر کرتے ہیں اور ایران اور عراق جاتے ہیں۔ آپ نے اچانک یہ کہہ دیا، لوگوں نے پیسے دیے ہوئے ہیں، پچاس ارب روپے کا نقصان by road جانے والے غریب لوگوں کا ہو رہا ہے۔ امید ہے کہ ابھی جو فیصلہ ہوا ہے، اس پر عمل ہو گا اور یہ مسئلہ حل ہو گا۔

جناب والا! اب کیا ہو رہا ہے کہ لوگوں کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں، لوگوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے تاکہ لوگوں کو وہاں پیدل جانے سے روکا جائے، لوگوں کو بکری اور مرغی چوری کی FIRs کاٹی جا رہی ہیں، یہ عجیب بات ہے۔ انہیں Schedule IV میں ڈالنے کی دھمکی دی جا رہی ہے، پچھلے سال بھی ڈالا تھا، نوجوان بچوں کو اس میں ڈالا ہے، سترہ، اٹھارہ، انیس اور بیس سال کے بچوں کو Schedule IV میں ڈال دیا گیا ہے، یہ discrimination ہے، ہمارے مذہبی حقوق پر ڈاکا ہے، ہمارے خلاف ظلم ہے، یہ نہیں ہونا چاہیے۔ Rule of law, 'العدل واساس الملک'، کسی بھی حکومت اور نظام کی اساس اور بنیاد عدل ہوتا ہے، عدل کے بغیر کوئی system نہیں رہ سکتا۔ معروف قول ہے کہ 'حکومت کفر پر باقی رہ سکتی ہے، ظلم سے باقی نہیں رہ سکتی'۔ لہٰذا security کے نام پر جو بے جا گرفتاریاں ہو رہی ہیں، انہیں روکا جائے۔

(جاری۔۔۔۔۔T/12)

T12-12Aug2025 Rafaqat Waheed/Ed: Shakeel 6:10 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری) للذا، سیکورٹی کے نام پر بے جا گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔ انہیں روکا جائے۔ لوگوں کے گھروں میں گھسا جا رہا ہے، ان سے زبردستی affidavits لیے جا رہے ہیں کہ تم پیدل چل کر نہیں آؤ گے۔ یہ کیا ہو رہا ہے پاکستان میں اور پنجاب میں؟ کیا پنجاب، پاکستان سے الگ ہے؟ سندھ میں الحمد للہ، اس طرح کی مشکلات نہیں ہیں، بلوچستان میں نہیں ہیں، خیبر پختونخوا میں نہیں ہیں لیکن ہمارے لیے پنجاب میں خطرناک مسئلہ بنایا گیا ہے۔

آج سے کئی مہینے پہلے آپ کے Home office نے ایک آرڈر جاری کیا جس میں لکھا کہ پیدل چل کے جانا بدعت ہے۔ لفظ بدعت لکھا ہے اس میں، یہ کون سا کام ہے، یہ کس طرح کے معاملات پر وکالت کر رہے ہیں۔ یہاں پر ہمارے معزز وزیر بیٹھے ہوئے ہیں، وزیر قانون صاحب ہیں، اور بھی (ن) لیگ کے بزرگ یہاں موجود ہیں، ان کے سینیٹر صاحبان موجود ہیں، ان سے یہ کام رکوائیں۔ یہ غلط کام ہو رہا ہے۔ کیوں اپنے بارے میں نفرت پیدا کرتے ہیں۔ کیوں ایسے مسائل پیدا کرتے ہیں جس سے لوگ آپ سے ناراض ہوں۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ آپ یقین کر لیں لوگ پیدل جائیں گے بے شک آپ ان کو مار دیں۔ کچھ بھی ہو جائے لوگ جائیں گے۔ عوام پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں، مہنگائی ہے، اور مسائل ہیں۔ کیوں آپ ان کو اپنا دشمن بناتے ہیں؟ خدا کے لیے، عقل کو prevail کرنا چاہیے، قانون کو prevail کرنا چاہیے اور لوگوں کے بنیادی حقوق پامال نہیں ہونے چاہییں۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس مسئلے پر توجہ دی جائے۔

جناب چیئرمین صاحب! ہم نے پاکستان کے اندر بیس ہزار سے زیادہ جنازے اٹھائے ہیں۔ ہم political activities کی طرف آئیں تاکہ لوگوں میں extremism نہ ہو۔ سیاسی جدوجہد کے ذریعے اور عوامی جدوجہد کے ذریعے اپنے حقوق کا دفاع کریں اور defend کریں۔ اس لیے یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے، خلاف قانون ہے، خلاف آئین ہے اور ہماری مذہبی آزادی اور مذہبی حقوق کے بھی برخلاف ہے۔ اس حوالے سے آئین کے کئی آرٹیکل ہیں۔ دیکھیں، جب گرمیاں ہیں اور dehydration ہوتی ہے، لوگوں کو مسئلہ ہوتا ہے، وہ جو راستے میں سبیل لگاتے ہیں، عربی میں اس کو موکب کہتے ہیں، ان کو کوئی عربی بھی پڑھا دے۔ سبیل کو کہتے ہیں کہ یہ ban ہے۔ یہ دہشت گردی کی FIRs کاٹتے ہیں۔ راستے میں پانی کی سبیل لگانا ممنوع ہے۔ مہربانی کریں اس مسئلے کو ختم کرائیں۔ اس سے کوئی اچھا تاثر نہیں جا رہا۔ پہلے ہی ملک کے اندر بہت زیادہ مشکلات اور مسائل ہیں۔ للہذا میری گزارش ہے کہ اس پر فی الفور توجہ دی جائے۔

چونکہ 15 اگست کو نواسۂ رسولؐ، امام حسین کا چہلم آ رہا ہے، میرے پاس ابھی ایک ضلع کے ڈپٹی کمشنر صاحب کا ایک ٹویٹ ہے، وہ لکھتے ہیں کہ 11 اگست کو اس ضلع کے اندر فلاں جگہ سے فلاں تک، تین بجے سے لے کر رات نو بجے تک گھوڑوں کا جلوس نکلے گا۔ للہذا، لوگ متبادل روٹ اختیار کر لیں۔ ابھی 14 اگست کو لوگ نکلیں گے لیکن 15 اگست کو امام حسین کے نام پر نہیں نکل سکتے۔ لاہور میں صدیوں سے داتا دربار کا عرس ہوتا ہے، لوگ پیدل جاتے ہیں۔ عرس پر لوگ پیدل جاتے ہیں۔ کیوں اس کو ایک منافرت کا سلسلہ بنایا جائے؟ بعض لوگ انتہا پسند اور extremist ہیں، کیا ان کو موقع دیا جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ جو چاہیں، ہو جائے اور دوسروں کے fundamental rights compromised ہو جائیں، ان پر عمل نہ ہو سکے، یہ درست نہیں ہے۔ للہذا، میری گزارش یہ ہے کہ اس پر فوری طور پر توجہ دی جانی چاہیے۔

میں ایک بات کہنا چاہتا ہوں، میں جب سے ادھر آیا ہوں، بات ہوتی ہے زیادتی کی تو کہا جاتا ہے کہ پہلے آپ نے زیادتی کی، پھر ہم نے زیادتی کی۔ آپ کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، ہم نے نہیں کی۔ آپ کے ساتھ ہو رہی ہے۔ دیکھیں، میرے خیال میں اس circle کو بند ہونا چاہیے۔ اس معاملے میں کسی ایک جگہ تو رکنا چاہیے۔ خدا نہ کرے کسی کے ساتھ زیادتی ہو۔ اس کا حساب کتاب دنیا میں بھی ہے اور آخرت میں خدا کی بارگاہ میں بھی ہے۔ ہم سب وہاں پر جوابدہ ہیں۔ کوئی بھی بچ نہیں سکتا۔ (عربی) جو زرہ برابر خیر انجام دے گا، وہ بھی دیکھے گا اور جو زرہ برابر شر انجام دے گا، وہ بھی دیکھے گا۔ (عربی) ہم جو سنتے ہیں، دیکھتے ہیں، بولتے ہیں، سب کچھ خدا کی بارگاہ میں جوابدہ ہے۔ ہم جو سوچتے ہیں، اس کا بھی ہم نے جواب دینا ہے۔ للہذا، ضروری ہے کہ یہ سلسلہ کہیں رکے۔ ہمیں دکھ ہوتا ہے کہ ہمارے ساتھی جو یہاں بیٹھتے ہیں، ان کو بالآخر ایسے کیسز

میں جن میں وہ دخیل نہ ہوں، involve کر دیا جاتا ہے۔ بھٹو صاحب کو، وزیر قانون صاحب بتائیں گے لیکن میرے خیال میں دفعہ 109 تھی، اس میں ان کو پھانسی دے دی گئی۔ بعد میں کورٹ نے کہا کہ غلطی ہوئی۔ 'ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا۔' ایک انسان سے زندہ رہنے کا حق چھین لیا گیا۔ اس کا judicial قتل کر دیا گیا۔ خدا نہ کرے کہ آئندہ ایسا ہو۔ ہمیں اکٹھا ہونا چاہیے۔ کسی کے ساتھ بھی زیادتی نہیں ہونی چاہیے۔ ہمارے دشمن کے ساتھ بھی زیادتی نہیں ہونی چاہیے۔ اقتدار اعلیٰ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ کتنے لوگ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی خلاف ورزیاں کرتے ہیں لیکن کیا خدا فوری سزا دیتا ہے؟ چھوٹ دیتا ہے، موقع دیتا ہے بدلنے اور توبہ کرنے کا۔ (عربی) حدیث میں ہے کہ اللہ کا اخلاق اپناؤ۔ اللہ کریم ہے، کریم بن جاؤ، رحیم ہے، رحیم بن جاؤ۔ وہ عفو و در گزر کرتا ہے، عفو و در گزر کرنے والے بن جاؤ۔ واقعتاً اس ملک میں کیا rule of law ہے؟ کیا پاکستان کے اندر آئین کی حکمرانی ہے؟ پاکستان میں ریفرنڈم کروالیں، مشکلات ہیں۔ جو لوگ چاہتے ہیں کہ وہ اقتدار میں اور حکومت میں رہیں، اگر وہ rule of law کے ساتھ چلیں گے، عدل وانصاف لے کر آئیں گے، لوگوں کو relief ملے گا، آسانیاں ملیں گی، لوگ harass نہیں ہوں گے، امن وامان ہوگا تو ملک کی ترقی اور پیش رفت ہوگی اور لوگ ان کے ساتھ ہوں گے لیکن اس وقت حالات درست نہیں ہیں۔

میرے خیال میں آپ treasury کے لوگوں کا دل بہت بڑا ہونا چاہیے۔ خدا کے لیے ماضی کو چھوڑیں۔ ہمیں آگے بڑھنا چاہیے۔ ہم چلتے ہیں اور اس ملک کو بہتر کرتے ہیں۔ میرا اس بات پر ایمان ہے کہ پاکستان سیاستدانوں نے عوام کے ساتھ مل کر بنایا تھا اور پاکستان کو سیاستدان ہی عوام کے ساتھ مل کر بچا سکتے ہیں۔ اور کوئی نہیں بچا سکتا۔ اس لیے ضروری ہے کہ سیاستدانوں کے درمیان باقاعدہ relations ہونے چاہییں اور reconciliation ہونی چاہیے۔ بہر حال، نقلی اصلی سے فارغ ہو جاتے ہیں۔ جو اصلی ہوتے ہیں، وہ سامنے آجاتے ہیں۔ کبھی دودھ دہی سے مکھن نکلتا ہوا دیکھا ہے۔ کتنا ہلتا ہے اور پھر مکھن بنتا ہے۔ لہذا، میری گزارش یہ ہے کہ ہمیں چاہیے کہ ہم پاکستان کو rule of law کی طرف لے کر جائیں اور وہ آئین جو 1973 میں بنا تھا، اسی کی روح کے مطابق آگے بڑھیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی وزیر قانون صاحب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شکریہ جناب چیئرمین۔ علامہ ناصر عباس صاحب نے ایک مسئلے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ آج بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں بھی علامہ موجود تھے اور انہوں نے کہا اور ان کی موجودگی میں میں نے انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب، ڈاکٹر عثمان انور صاحب سے بات کی اور میں نے ان سے پوچھا کہ یہ کیا معاملہ ہے اور آپ اس میں کیوں عملی اقدامات نہیں لیتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کے جو مذہبی عقائد ہیں، ان پر

عمل پیرا ہونا یا رسومات ادا کرنا ہمارا حق ہے اور ہونا چاہیے لیکن ظاہر ہے اس میں بھی کچھ نہ کچھ آپ کی سیکیورٹی اور جو آپ کی حفاظت ہے وہ ذمہ داری ریاست کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جہاں تک تو تعلق ہے چہلم کی مجالس کا اور مجالس میں شرکت کا، وہاں پہ کوئی ایشو نہیں ہے۔ جو علامہ نے خود وضاحت کر دی کہ جو مشی ہے یا مش ہے، اس walk کے حوالے سے بقول انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب کے کہ یہ Covid کے زمانے میں جب زیارات بند ہوئی تھی تو پھر یہ ایک mechanism بنایا گیا کہ آپ کم از کم ایک شہر سے دوسرے شہر ٹولیوں کی شکل میں جاتے ہیں لیکن security situation کو سامنے رکھتے ہوئے اور کچھ مختلف حلقوں سے بھی آیا کہ جی اس طرح آپ unregulated activity نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا ہاں بالکل ہم نے ان سے engage کیا ہے اور کہا کہ جی آپ یہ چالیس کلومیٹر یا تیس کلومیٹر جب ایک شہر سے دوسرے شہر جائیں گے تو اس میں آپ کی اپنی جانوں کی حفاظت بھی ایک ایشو ہے۔ یہ بات بالکل واضح ہے unfortunately ماضی میں ہم نے بہت ساری جانیں گنوائیں اور اس فرقہ واریت کی لڑائی میں بہت نقصان ہوا۔

الحمد للہ ابھی پورے ملک میں عاشورہ امن امان سے گزرا ہے، ہم آئندہ بھی دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ امن امان سے سب کچھ کرے۔ بہر کیف انہوں نے کہا کہ مجالس میں جانے پہ کوئی پابندی نہیں ہے اور نہ مجالس کرنے پر۔ جو بھی اجازت نامے کے تحت پرانے rituals ہوتے ہیں، وہ سارے اسی طرح ہوں گے۔ یہ جو ایک irregular activity تھی، اس کی حد تک ہم نے کہا، engage بھی کیا اور ابھی بھی وہ engaged ہیں۔ انہوں نے بتایا، کچھ علما کے نام بھی لیے کہ ہم ان سے مشاورت میں ہیں اور انشاء اللہ العزیز، اس کا کوئی بہتر حل نکل آئے گا۔

زائرین کی روانگی کے حوالے سے میرے دوست سینیٹر طلال چوہدری صاحب، وزیر مملکت برائے داخلہ موجود ہیں۔ انہوں نے قومی اسمبلی کو بڑی تفصیل کے ساتھ کل confidence میں لیا۔ یہ تین روز پہلے زائرین کے نمائندگان سے ملاقات کے لیے خود کراچی بھی تشریف لے گئے تھے اور کافی گفت و شنید کے بعد انہوں نے کوئی mechanism طے کیے۔ طلال صاحب! اسی طرح ہے؟ اور وہ جو معاملات رکے ہوئے تھے، ان کو کھولنے کی کوشش کی۔ یہ فیصلہ بھی بالکل عارضی ہے اور صرف اور صرف زائرین کی سیکیورٹی اور ان کی جان کی حفاظت کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ حکومت پاکستان کی یہ ہر ممکن کوشش ہے کہ ان کے لیے سواریوں کا بندوبست کیا جائے، چاہے وہ ہوائی سفر ہو، چاہے وہ آبی ذرائع سے ہو۔ آپ نے کہا کہ جو borders پر پہنچ گئے ہیں، ان کے لیے بھی طریقہ کار وضع کر دیا گیا ہے۔

(جاری------T13)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: --(جاری)---ان کا کیا جائے اور جو آپ نے کہا کہ وہ جو border points پر پہنچ گئے ہیں، ان کے لیے بھی طریقہ کار وضع کر دیا گیا ہے۔ میں علامہ ناصر عباس صاحب کو یہ یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ انشاءاللہ العزیز چاہے وہ صوبائی حکومت ہے یا مرکزی، آپ کے مذہبی عقائد کے حوالے سے کسی قسم کی غیر قانونی قدغن بالکل نہیں ہوگی۔ یہ آپ کا حق ہے اور اس کے لیے جو سہولت within the bounds of law موجود ہیں، انشاءاللہ العزیز پوری سہولت بہم پہنچائی جائے گی، شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر محمد عبدالقادر۔ بس آپ نے دو منٹ بات کرنی ہے۔

## Point raised by Senator Muhammad Abdul Qadir welcoming the declaration of American administration on designating BLA and Majeed Brigade as Foreign Terrorist Organizations

سینیٹر محمد عبدالقادر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صلی علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد۔ شکریہ، جناب چیئرمین! آج پاکستان کے اخباروں میں ایک شہ سرخی لگی ہے جس میں یہ کہا گیا ہے کہ بی ایل اے اور مجید بریگیڈ کو امریکہ نے terrorist organizations declare کیا ہے۔ یہ وہ outfits ہیں جنہیں انڈیا fund کر رہا ہے اور انہوں نے بلوچستان میں دہشت گردی کی ایک قیامت رچائے رکھی ہے۔ یہ فیلڈ مارشل کی امریکہ کی visit اور ان کی کامیاب ڈائیلاگ کا نتیجہ ہے۔ یہ وہ organizations ہیں جو دن، رات بلوچستان میں ہمارے جوانوں، law enforcement agencies اور نہتے بے گناہ لوگوں پر حملے کر رہے ہیں اور پورے بلوچستان کو بدنام کر رہے ہیں۔ یہ اپنے آپ کو آزادی پسند کہتے ہیں۔ بلوچ لبریشن آرمی یا مجید بریگیڈ بلوچ کے حقوق کی بات کے نام پر دہشت گردی کر رہے ہیں اور ہمارے بلوچستان کے لوگ اس کو برداشت کر رہے ہیں۔ انڈیا اسے fuel کر رہا ہے، انہیں narrative بیچ رہا ہے اور ان کو فنڈ کر رہا ہے۔ امریکہ کی اس declaration سے جس میں اس نے انہیں Specially Designated Global Terrorist declare کیا ہے، ہم اسے welcome کرتے ہیں اور حکومت اور فیلڈ مارشل کی اس کامیابی پر ان کو مبارکباد دیتے ہیں۔ ہم 14 اگست یعنی آزادی کی celebration کی جو تیاری کر رہے ہیں، 10 مئی کے بعد سے اللہ تعالیٰ ہمیں مختلف forums پر کامیابیاں دے رہا ہے اور ہمارا جو روایتی دشمن ہے، اسے مختلف forums پر اور مختلف جگہوں پر پوری دنیا میں شرمندگی کا سامنا کرنا پڑ رہا

ہے اور اس کا منہ کالا ہو رہا ہے۔ وہ کبھی تین یا کبھی چار مہینے بعد کہتا ہے کہ ہم نے بھی پاکستان کے جہاز گرائے ہیں۔ کبھی وہ کسی اور قسم کی allegation کرتا ہے اور پوری دنیا اس پر ہنس رہی ہے۔

جناب! 10 مئی کو بری طریقے سے جنگ ہارنے کے بعد اس نے بلوچستان میں اپنی وارداتیں اور اپنے terrorist attacks تیز کیے تھے اور پوری دنیا کو یہ بتا رہا تھا کہ یہ بلوچستان کے چند لوگ ہیں جو لبریشن یا اپنے rights کے نام پر جنگ لڑ رہے ہیں حالانکہ بلوچستان کے 98 per cent لوگ نہ اس terrorism کو support کرتے ہیں اور نہ اس سے انہیں کوئی فائدہ ہے لیکن انڈیا ان کو فنڈ کر رہا تھا اور اسے fuel کر رہا تھا۔ ابھی جب یہ declaration ہو گئی ہے تو ہماری law enforcement agencies پوری طرح سے اس terrorism کو curb کریں گے، اس کے خلاف لڑیں گے اور بلوچستان کے عوام بھی اس کے خلاف لڑیں گے، ان شاء اللہ۔ میں سب کو اس بات پر مبارکباد دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ دن بہ دن پاکستان کے نام کو ترقی دے رہے ہیں اور جو ہمارا دشمن ہے، اسے دن بہ دن ہزیمت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پچھلے دو یا تین مہینے میں امریکی صدر ٹرمپ کوئی 20 سے 25 مرتبہ کہا چکا ہے کہ انڈیا نے مجھے درخواست کی اور میں نے یہ جنگ بندی کروائی۔ انڈیا اور مودی سرکار اپنی شرمندگی کو چھپانے کے لیے مختلف بہانے کر رہے ہیں اور اب ان کی سزا میں tariffs کو 25 per cent سے 50 per cent کر دیا گیا ہے۔ یہ بھی ان کے لیے شرمندگی کا باعث ہے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں سینیٹر ایمل ولی اور سینیٹر دنیش کمار بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے بھی ممبران کی خواہش ہے کہ وہ بھی بولیں۔ چلیں ٹھیک ہے۔ سب نے پھر آج کے دن کی مناسبت سے بات کرنی ہے۔ جی سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

## **Point of Public Importance raised by Senator Sherry Rehman regarding huge financial losses in the State-Owned Enterprises of Government**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! میں بس ایک منٹ بات کروں گی۔ اس کے بعد ہم debate resume کریں گے۔ میں اس لیے آپ سے اجازت لے رہی تھی کہ دو اہم وزراء یہاں بیٹھے ہیں۔ ان کے دو Calling Attention Notices بھی آئے ہیں لیکن movers موجود نہیں ہیں۔ میں وہ issue ویسے ہی raise کرنا چاہ رہی تھی۔ ڈپٹی چیئرمین صاحب میں آپ کی اجازت سے بات کروں گی لیکن Calling Attention Notice پر بات نہیں کر سکتی کیونکہ اس میں میرا نام نہیں ہے لیکن ان میں 6 trillion rupees کی بات ہوئی ہے۔ ویسے بھی خبروں کی شہ سرخیوں میں یہ آ رہا ہے کہ ہمارے State-owned enterprises میں جتنے خسارے ہو رہے ہیں، وہ ہم نے تاریخ میں کبھی نہیں دیکھے۔ اب 6 trillion بہت بڑا figure ہے۔

Finance Minister یہاں بیٹھے ہیں۔ ان کی موجودگی سے میں سمجھتی ہوں کہ ہم انہیں سننا چاہتے ہیں اور ان سے مستفید ہونا چاہتے ہیں کہ یہ کیا ماجرہ ہے اور اس کا حل کیا نکالیں۔ جب ہر جگہ کٹوتیاں ہوتی پھر رہی ہیں تو یہ شاہ خرچیاں کیوں؟ میں آپ کی توجہ شاہ خرچی والی بات پر بھی مبذول کرانا چاہتی ہوں کہ Sunday کے اخبار میں ایک اور amount mention ہوا ہے۔ The News میں بالکل پہلے صفحے پر story لگی تھی۔ اس وقت اب وہ اخبار میرے سامنے نہیں ہے۔ اسے بہت لوگوں نے دیکھی ہوگی۔ ایک CEO ہے جو غالباً پاکستان ری انشورنس کمپنی کے ہیں۔ میں نہ ان کو جانتی ہوں اور نہ ہی ان کے خلاف میری کوئی ذاتی جہاد ہے لیکن یہ public کا پیسا ہے۔ Boards مراعات دے رہے ہیں۔ آپس میں بندر، بانٹ ہو رہی ہے۔ گورنمنٹ کے وہاں representatives بیٹھے ہیں اور اس طرح یہ Boards چلائے جا رہے ہیں۔

جناب! اس میں CEO کا نام نہیں لیا گیا اور میں نے پھر پوچھ کے پتہ کیا کہ کس کی بات ہو رہی ہے۔ یہ insurance sector ہے اور پاکستان ری انشورنس کمپنی کی بات ہو رہی تھی۔ اس میں فرمان صاحب ہیں۔ Again, he should come to Finance Committee or Commerce Committee and offer an answer کہ ان کے in less than three years کوئی 335 ملین کے قریب مراعات ہیں. which are just perks and privileges اب آپ بتائیں۔ اس میں سیاست دان کو دور، دور تک نہیں لے جانا چاہیے لیکن جیل کاٹ، کاٹ کے اور جوابدہی کرکے یہاں سب کا برا حال ہو گیا ہے۔ جوابدہی آپ کا اور ہمارا فرض ہے لیکن میں ایسا ماحول نہیں بنانا چاہتی جہاں civil servant کا witch hunt ہو۔ وہ بھی کام کرتے ہیں۔ جہاں ایمانداری سے کام کرتے ہیں تو بہت بڑی بات ہوتی ہے لیکن یہاں bureaucracy کی کوئی جوابدہی نہیں ہے۔ اس میں سب ایک برش سے tar بھی ہو جاتے ہیں۔ دیکھیے یہ پاکستان اور public کا پیسا ہے۔ اس کے بارے میں ہمیں توجہ دینی چاہیے۔ جب ہماری audit accounts آتی ہیں تو وہ خوف ناک ہوتی ہیں کہ فلاں ادارے میں اتنا پیسا باہر جا رہا ہے۔ بھئی آپ جائز خرچہ کریں تو کوئی سنے اور کوئی مانے بھی۔ آپ کا taxation اسی لیے کم رہتا ہے۔ پاکستان philanthropy اتنی کرتا ہے کہ لوگ پیسے ان اداروں کو دینا چاہتے ہیں جہاں وہ سمجھتے ہیں کہ ان کو کچھ اس سے صلہ ملے گا اور ان کو نظر آئے گا کہ ان کی spending تھوڑی control ہوگی۔ آپ at least پارلیمان کو empower کریں کہ ٹھیک سے ان Boards کا audit کریں۔ I am sure کہ دونوں Ministers یہاں تپے بیٹھے ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ میں دونوں سے سننا چاہوں گی کیونکہ یہ دونوں الگ، الگ شعبے ہیں۔ SOEs

governance Finance Minister دیکھ رہے ہیں جبکہ Commerce Minister پاکستان ری انشورنس کمپنی کو دیکھ رہے ہیں۔ یہ captive business ہوتی ہے مطلب انہیں بزنس آنی ہی آنی ہے۔ کوئی انہوں نے کام نہیں کرنا ہوتا ہے اور یہ سب آپ جانتے ہیں۔ یہ ہاؤس لوگوں کو accountable بھی کرے۔ ہم اپنے آپ کی ہمیشہ حاضری دیتے ہیں کہ ہم خود احتسابی کے لیے حاضر ہیں لیکن یہ پاکستان کا public money ہے۔ اس کی تھوڑی جوابدہی ہو۔ ہر طرف تو بالکل austerity کا بازار گرم ہے۔ وہ نام لیں گے۔ Finance Minister and Commerce Minister ان دونوں کے یہ الگ، الگ سوال ہیں۔ آپ کی توسط سے بس یہ مختصر جواب دے دیں۔۔

(جاری T14)

**T14:12AUG2025 Taj/Ed. Waqas 06:30 p.m.**

سینیٹر شیری رحمان: (جاری۔۔۔) وہ نام لیں گے۔ وزیر خزانہ اور وزیر تجارت، ان دونوں کے الگ الگ سوال ہیں۔ جب بھی یہ موزوں سمجھیں، آپ کے توسط سے مختصر جواب دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر خزانہ صاحب۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایمل صاحب! ایڈوائزری کمیٹی میں آپ کی پارٹی کے نمائندہ بھی بیٹھے تھے، وہاں پر جو چیزیں final ہوئیں، وہ consensus سے ہوئیں، ان ہی کے مطابق ہم ایوان کو چلا رہے ہیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! اس میں یہ consensus تو نہیں ہوا ہوگا کہ عوامی نیشنل پارٹی کا پارلیمانی لیڈر بات نہیں کرے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ کو یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ اس طرح Chair سے وقت لیں گے، ایوان سے وقت لیں گے کہ میں نے کرنی ہے، پھر کس طرح ہوگا۔ اس طرح تو نہیں ہو سکتا۔

سینیٹر ایمل ولی خان: تو جناب! کس طرح ہوگا۔ جب ہمیں پتا چل گیا کہ Chair کہہ رہی ہے کہ مائیک بہت کھلے ہیں، لہٰذا ختم کریں اور جمعے کے دن دیکھیں گے۔ میں نے بات ہی 12 اگست کے بارے میں کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کی کوئی وجہ ہوگی۔ ایڈوائزری کمیٹی میں حاجی ہدایت اللہ صاحب بیٹھے ہوئے تھے، ان کی تمام باتوں سے۔۔۔۔

سینیٹر ایمل ولی خان: کیا اس میں یہ بات ہوئی ہے کہ میں تقریر نہیں کروں گا۔ شکریہ جناب! ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سے سخت باتیں لوگوں نے کی ہیں مگر بات یہ ہے، عبدالقادر صاحب! آپ بھی بیٹھے ہوئے تھے، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! پارلیمانی پارٹی لیڈر اور دوسرے رکن میں فرق ہوتا ہے کہ نہیں۔ شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری درخواست یہ ہے کہ میں پہلے وزیر خزانہ کو وقت دیتا ہوں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! میڈم نے مجھ سے درخواست کی تھی کہ مجھے تقریر کرنے دیں، پھر آپ کر لیں۔ Madam, now you must stand with us. یہ کیسی بات ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر خزانہ صاحب۔

**Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance**

سینیٹر محمد اورنگزیب (وزیر خزانہ): میں مختصر بات کروں گا، بالکل میں دو منٹ لوں گا تاکہ ایمل ولی صاحب! پھر آپ بڑی مفصل طریقے بات کر سکیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ نے جو بات کی اور وہ آج یہاں پر موجود نہیں ہیں۔ پھر سینیٹر صاحبہ نے بھی جو بات کی ہے اور جو انہوں نے لفظ استعمال کیا ہے کہ on the State Owned Enterprises 5.89 trillion کے incurred losses ہیں and this is alarming. یہ بالکل صحیح لفظ استعمال کیا گیا ہے کہ it is indeed alarming کہ اگر 6 trillion روپے کے SOEs کے accumulated losses ہیں اور آپ اس کا context دیکھیں کہ پچھلے سال جو پورے revenue اکٹھے کیے گئے ہیں، وہ تقریباً 12 trillion تھے۔ 50% of the entire revenue which we collected last year, has been lost in terms of accumulated losses. State Owned Enterprises میں جو leakages اور losses ہوئی ہیں over period of time, so this is a top figure لیکن main چیز جو ہم نے کرنی ہے کہ اسے کیسے روکا جائے۔ جس طرح آپ پنشن کی reform لے کر آئے ہیں, at least in terms of civil bureaucracy, جو اب defined contribution پر لے کر گئے ہیں rather than benefit تاکہ جو unfunded pension liability ہے، اس کی کم از کم bleeding کو روکا جا سکے۔

اس کا جو flow ہے، flow is still a very high number کیونکہ اس میں جو ہم نے لکھا ہے کہ 2024-25 میں پہلے چھ مہینے میں SOEs on جو financial losses ہوئے ہیں that is close to about 342 billion. اگر ہم اس کو تھوڑا سا analyze کریں تو یہ number تقریباً 700 - 800 billion rupees بن جاتا ہے and that is how it gets accumulated. اس لیے main چیز جو ہماری حکومت کر رہی ہے کہ جو SOEs ہیں اور ہم نے بار بار یہ بات کہی ہے کہ the private sector has to lead this country. اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ SOEs میں صرف loss making institutions ہیں، جو profitable institutions بھی ہیں، ان کی بھی opportunity cost ہے کہ اگر وہ private sector کے حوالے کر دیے جائیں تو اس سے بھی زیادہ منافع ان سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے دو، تین situations ہیں کہ اسے ہم کیسے control کر رہے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ 24 SOEs ہم نے taking it through the Cabinet Committee on Privatization as well, وہ ہم نے Privatization Commission کے حوالے کر دی ہیں۔ ان میں سے 8 entities ہیں جو during this fiscal year, should go through the privatization process تاکہ ہم ان کو private sector کے حوالے کر دیں۔

دوسرا، جو current governance process ہے، 24 ہیں اور ان میں سے پھر باقی بھی جو entities ہیں، ان شاء اللہ اسی طرح ان کو آگے لیتے جائیں گے کیونکہ صرف یہ سلسلہ نہیں ہے کہ صرف پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کرنا ہے، سندھ حکومت نے بہت اچھا ایک formula بنایا ہے in terms of public-private partnership. That is another way of going in terms of reducing the role of the Government and bringing the private sector in. اس کو بھی ہم evaluate کر رہے ہیں کہ how we take it forward.

سینیٹر صاحبہ نے جو بات ادھر کی ہے، میرا خیال ہے کہ یہ بہت اہم بات ہے in terms of the governance process, in terms of the SOEs کیونکہ under the SOEs Act اب independent Directors ہیں، اس میں یہ کہا گیا ہے کہ حکومت کے nominees ہوں گے لیکن جو private sector کے independent nominees majority میں ہوں گے and the Chairperson or the Chairman will be from the private

اس کا مقصد ہی یہ ہے، ابھی لغاری صاحب بھی یہاں پر موجود تھے، ہم sector. I think that in itself is fine because کافی DISCOS کو اسی طرز پر آگے لے کر گئے ہیں اور اس کا فائدہ بھی ہو رہا ہے، recoveries بہتر ہوئی ہیں اور line losses کم ہوئی ہیں۔ Out of them 3 DISCOs are going into the privatization process as well. But having said that the Government nominees have to play their role. یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ Board fees اکٹھی کر لیں اور بغیر paper پڑھے وہاں پہنچ جائیں اور چھاپ پر چھاپ لگاتے جائیں۔ اس لیے corporate governance کا جو ایک rule ہے کہ آپ papers پڑھ کر جائیں، جن Sub-Committees میں ہیں، ان Sub-Committees میں اپنی voice show کریں اور جو main Boards ہیں، وہاں پر حکومت پاکستان کو properly represent کریں and make sure that the Government of Pakistan's voice is absolutely heard تاکہ یہ جو ایک، دو instances آئے ہیں جس کو ابھی evaluate کیا جا رہا ہے اور ہم ان شاءاللہ کریں گے بھی تاکہ اس قسم کی discrepancies, اس قسم کی جو waywardness نظر آئی ہے، وہ in any case متعلقہ کمیٹی کو جائے گی اور وہیں سے وزیراعظم صاحب نے کہا ہے کہ اسے دیکھا جائے لیکن ہم نے یہاں پر بات کرنی ہے on a structural basis اور structural basis یہ ہے کہ ہمارے حکومت کے جو nominees ہیں،

they must play their due role on these Boards as we go forward under the SOEs Act.

دیکھیں، ہمارے لیے یہ بہت اہم چیز ہے کہ یہ جو losses ہیں، جناب چیئرمین! اگر ہم تھوڑا سا اس پر focus کریں کہ اگر ہم SOEs میں تقریباً 1 trillion loss کر رہے ہیں، جو leakage ہے، اسی trillion کو ہم کہاں کسی اور جگہ پر، social sectors میں، صحت، تعلیم، social protection میں کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔ اسی لیے اس وقت جو ہماری Rightsizing Committee ہے، I chair both the Cabinet Committees on SOEs but also the Cabinet Committee on Rightsizing. حکومت کی جو 43 Federal Ministries ہیں، 400 Attached Departments ہیں، ہم ان کو کیسے right-size کریں، کیسے efficient بنائیں اور اس loss کو کم سے کم کریں۔ ان شاء اللہ آپ اس میں بتدریج

on the basis of the steps that we are taking but the دیکھیں گے improvement

governance part,جو ابھی سینیٹر صاحبہ نے بات کی ہے،

is going to play a very very important role as we go forward. Thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک گزارش یہ ہے کہ اپوزیشن کی ایک جماعت نے یہاں پر واک آؤٹ بھی کیا تھا۔ میری گزارش ہے کہ حکومت کوئی ایسے لوگ ان کے پاس بھیج دیں یا آئندہ کے لیے کوئی ایسی کمیٹی بنادیں۔ اپوزیشن سے جو جماعت واک آؤٹ کر گئی، میری ان سے بھی گزارش ہو گی کہ ایوان کے معاملات یقیناً ایوان میں حل ہونے چاہییں۔ کامران مرتضیٰ صاحب کی light کافی دیر سے جل رہی ہے۔جی کامران مرتضیٰ صاحب۔

(مداخلت)

(جاری۔۔۔T15)

**T15-12Aug2025 Ali/Ed: Khalid 06:40 pm**

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری ہے۔۔۔) سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب کے mic کی light کافی وقت سے On ہے، جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب، ان شاءاللہ اس کے بعد۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب آپ ان کو دیکھ لیں، جی شکریہ۔ کامل علی آغا صاحب سینئر سیاستدان ہیں ان کو ذرا مطمئن کریں۔ جی کامران مرتضیٰ صاحب۔ آپ کے pointآ گئے ہیں۔ جی کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: میں آپ کی، اس ایوان کی۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: منسٹر صاحب آپ ان کو خصوصی طور پر، جی میں نے اپنی طرف سے پابند کر دیا ہے۔ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: مجھے ایک منٹ دے دیجیے، اس کے بعد اس مسئلے کو۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: کامران صاحب ایک منٹ، جی کامل علی آغا صاحب جواب تو لینے دیں، جی منسٹر صاحب۔

جناب محمد اورنگزیب: دیکھیں اس میں دو چیزیں ہیں، ایک تو جو specific case ہے، Prime Minister Sahib already اس کو Cabinet میں لے کر گئے ہیں اور انہوں نے اس میں ایک کمیٹی بنا دی ہے، ان شاءاللہ اس میں نام بھی آئے گا اور جو بھی recovery ہے وہ بھی ہو گی۔ کامل علی آغا صاحب آپ جو بات کر رہے ہیں میں نے شروع ہی وہاں سے کیا ہے کہ we have to deal with this on a structural basis کیونکہ اگر ہم نے اس کو structural basis پر نہیں لے کر گئے تو اسی قسم کے جو issues ہیں وہ پھر واپس آتے جائیں گے اور میں آپ کے ساتھ بالکل agree کرتا ہوں نمبر ایک۔ نمبردو، جو میری accountability ہے وہ Senate Finance Committee and the National Assembly Finance Committee میں ہے۔آپ پتا کرلیں سلیم مانڈوی والا صاحب اور نوید قمر صاحب سے، ایسی کوئی کمیٹی نہیں ہے جس میں میں خود حاضر نہیں ہوا، تو میری جو accountability ہے میں اس کو بالکل سمجھتا ہوں اور انشاءاللہ اسی طرح میں ایوان نے حاضر ہوتا رہوں گا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب، مختصر کیونکہ اور دوستوں نے بھی بات کرنی ہے۔

## Point Of Public Importance raised By Senator Kamran Murtaza regarding suspension of mobile data services and train services in Balochistan

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جی بالکل، میں مختصر بات کروں گا۔ میں آپ کو، ایوان کو اور حکومت کو یہ توجہ دلوانا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں کئی دنوں سے internet بند ہے اور یہ بھی plan کیا گیا ہے کہ آگے کئی دنوں تک internet بند رہے گا۔ نہ صرف internet بند ہے بلکہ آپ کا train services system بھی بند ہے، پشتون اور بلوچ علاقوں میں تقریباً پانچ بجے کے بعد سے transport بھی بند ہو جاتی ہے، بلکہ بہت سارے ایسے علاقے ہیں جہاں دن میں بھی وہ بند ہے اور ferry بھی بند ہے۔ بلوچستان جو ہے وہ پاکستان کا 42% کا حصہ ہے، ہم سارے پاکستانی ہیں اور پاکستان کے اس حصے میں جو کہ تقریباً آدھے پر مشتمل ہے اس کا بند ہونا ایک فکر انگیز بات ہے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہاں سے میرا بھی تعلق ہے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اس کی جو ایک وجہ سمجھ میں آتی ہے وہ وہاں پر لوگوں کی، قبائل کی زمینوں کی غلط allotment بھی ہے جو one of the reason ہے۔ وہاں اداروں کے نام پر، بہت سے اہم شخصیات کے نام پر قبائل کی زمینوں کو لوٹ کا مال سمجھ کر جس طرح سے allot کیا جارہا ہے یہ اس کی one of the reason ہے۔ جناب! یقیناً آپ کا تعلق بھی ہے اور اس ایوان کے تقریباً 25% لوگوں کا تعلق بھی بلوچستان سے ہے اور سب کا اس بات سے concern ہے کہ جو کچھ بلوچستان میں ہو رہا ہے یہ مناسب نہیں ہو رہا بلکہ غلط ہو رہا ہے، اس کو address ہونا چاہیے۔ کئی مرتبہ ہم پہلے بھی اس پر بات کر چکے ہیں کہ بلوچستان کے حوالے سے ایک دن مختص کیا جائے، اس کو debate کیا جائے۔ اس طرح بلوچستان کا مسئلہ روز بروز خراب ہو رہا ہے اور ان معاملات کو اگر ہلکا لیں گے تو مزید خراب ہوتے جائیں گے۔ اس کی root cause تک پہنچنے کی ضرورت ہے اور ان چیزوں کو وقتی طور پر بند کر دینا، disconnect کر دینے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے لیے آپ کی توجہ چاہیے، ایک دن چاہیے، پورا دن چاہیے اور اس پر debate چاہیے، بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ، میں نے پہلے بھی کہا ہے اور حکومت نے بھی agree کیا ہے کہ آپ لوگ ان کے ساتھ بیٹھ کر دونوں طرف اپوزیشن، اپوزیشن صرف ایک جماعت نہیں ہے ساری اپوزیشن ہے۔ اپوزیشن ہمیں بتا دے کہ کہاں سے معاملات شروع کرنے چاہیے اور جوڑنے چاہییں اور کوئی political point scoring نہیں ہونی چاہیے۔ میں آپ کی بات نہیں کر رہا، جہاں تک میں نے walk out کی بات کی تھی، دوسرا یہ ہے کہ میرا بھی ذاتی طور پر تعلق ہے وہاں پر security کے بھی issues ہیں، وہ آپ کے بھی علم میں ہے اور ہمارے بھی علم میں ہے کہ ایوان میں in camera کے علاوہ اس پر بات نہیں کی جا سکتی ہے۔ Minister of Interior بھی ہیں اور department بھی ہے، حکومت کے ساتھ بیٹھ کر اس پر ضرور بات ہونی چاہیے۔ جی سینیٹر ایمل ولی خان صاحب۔

## Point raised by Senator Aimal Wali khan regarding the Babra incident, 1948

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ جناب چیئرمین، میں ایک بات۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے ایک بڑی بات کی کہ آپ نے ان کو کہا کہ اجلاس، مجھے کوئی ہدایت نہیں آئی ہے۔ لازمی بات ہے وہ timing کے حوالے سے قومی اسمبلی کا کوئی اس طرح چیزیں جو قانونی چیزیں ہیں ہم مشورہ کرتے ہیں مگر ہدایت نہیں آئی، آج یہ بات کرکے آپ نے زیادتی کی ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! میں معذرت چاہتا ہوں، میں آپ سے بھی معذرت چاہتا ہوں، میں منسٹر صاحب سے معذرت چاہتا ہوں لیکن اب ہم ان گلیوں میں گھوم رہے ہیں تو ان گلی کوچوں کا پتا چل رہا ہے، زیادہ نہیں تھوڑا تھوڑا ادھر ہو جاتا ہے کہ آج اجلاس ہے پھر دو دن چھٹی ہے، پھر اجلاس ہے تو چار دن پورے ہیں، یہ systemایسے چل رہا ہے اور میں مشکور ہوں آپ کا اگر میں تھوڑا شور نامچاتا تو میں آج بات نہ کر پاتا، معذرت کے ساتھ --

جناب ڈپٹی چیئرمین: بڑے پیار اور محبت سے ہم نے آپ کو وقت دیا پھر بھی شور مچا، ماشاءاللہ ابھی آپ کی عمر بھی نہیں ہے شور مچانے کی۔

سینیٹر ایمل ولی خان: ہماری عمر میں تو شور مچائیں گے، جب بال سفید ہو جائے تو پھر کیا شور مچانا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اچھے بندے ہیں پھر شور کیوں مچاتے ہیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ جی، آج ایک تاریخی دن ہے اور مجھے ۱۲اگست پر ہی بات کرنی تھی اس لیے میں چاہ رہا تھا کہ میں یہ موقع اٹھالوں۔ چارسدہ میں یادگار شہدا پر حاضری کی، اجلاس میں دیر سے پہنچا، راستے میں کچھ تقاریر سن رہا تھا، ایسے لگ رہے تھا کہ تاریخ کے بچے بول رہے ہیں۔ پانچ سال کی تاریخ ہے، کوئی دو سال کی تاریخ ہے، کوئی وہ بچہ ہے جو 22 سال کی تاریخ گھوما رہا ہے then comes a gentleman جو الحمدللہ چالیس پینتالیس سال کی تاریخ گھوما رہا ہے اور پھر ایک gentleman جو ساٹھ سال کی تاریخ رکھتا ہے اور پھر ماشاءاللہ ریاست پاکستان جو اٹھہتر سال کی تاریخ رکھتا ہے اور میں عمر میں کم لیکن تاریخ 105 سال امن، جمہوریت، ,deterrence عدم تشدد، بنیادی حقوق، تعلیم، صحت، روزگار، اچھے تعلقات ہمسایہ ممالک کے ساتھ 105 سال کی تاریخ کے سامنے جب میں literally یہ تاریخ کے بچپنے کی باتیں سنتا ہوں تو مجھے ہنسی آتی ہے۔ اس وطن عزیز میں جس وطن عزیز کا تاریخ بدلتا نہیں ہے بلکہ ایک نئے شکل میں دہرایا جاتا ہے--

۔جاری ہے---(T-16)

T16–12Aug2025 Imran/ED: Shakeel 06:50 pm

سینیٹر ایمل ولی خان: (جاری ----) تاریخ بدلتی نہیں ہے بلکہ ایک نئی شکل میں دہرائی جاتی ہے۔ جناب چیئرمین! میرے پڑدادا تو، نصیب کی بات ہے کہ میں اُس گھر میں پیدا ہوا ہوں لیکن باچا خان، جن کو تمام پختون قوم بلکہ ریاستِ ہندوستان، ریاستِ افغانستان اور کہنے کے لیے کہہ دیتا ہوں کہ کچھ حد تک ریاستِ پاکستان مانتے ہیں کہ انگریز سے آزادی کے ایک ستارے خان عبدالغفار خان بھی تھے۔ آج کے دن کی

نزاکت کے حوالے سے ایک چھوٹی سی تاریخ رکھنا چاہتا ہوں اور اس تاریخ میں شاید اللہ کرتے کہ وہ بیٹھے ہوتے جو ابھی نابالغ ہیں اور سیاست کی یہ حالت کر دی ہے اور پچھلے دس بارہ سال میں جو جمہوریت، سیاست اور پارلیمان کا جو حشر نشر ہو گیا ہے تو literally عزت دار لوگوں کا پارلیمان میں اور اس طرح کے corridors میں جینا تھوڑا مشکل ہے۔

جناب! بارہ سال پہلے میرے والد صاحب نے کہا تھا کہ سیاست کی شائستگی ختم ہو گئی ہے اور اب آپ دیکھ رہے ہیں کہ کیا ہو رہا ہے۔ کاش بیٹھے ہوتے، یہ باتیں ہوتیں، تلخ سے تلخ، اچھی سے اچھی اور جیسے آپ نے کہا کہ یہ ادارے بنے ہی اسی لیے ہیں اور ہم آج اپنی نمائندگی کرنے کے لیے اس کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ جناب! باچا خان نے جب عدم تشدد کی تحریک شروع کی تو وہ اپنے لوگوں کو جمع کرکے سب سے پہلے مسلمانوں کے پاس لاہور گئے۔ مسلمانوں کے پاس یہ پیغام لے کر گئے کہ میں انگریز سے آزادی لینا چاہتا ہوں، کیا آپ میرے ساتھ ملیں گے؟ اُس پر باتیں ہوئیں تو لاہور میں اُن کو انکار ہو گیا۔

جناب! لاہور کے بعد وہ دہلی گئے۔ ابھی یہ ایک ملک تھا اور جب دہلی گئے اور Congress سے یہی بات کی تو Congress کی طرف سے اقرار ہو گیا۔ اور پھر چلتے چلتے Congress اور خدائی خدمت گار تحریک اس movement میں ایک ساتھ تھی کہ ہم نے انگریز کو اس سرزمین سے نکالنا ہے۔ جناب! میں بہت short کرتا جاؤں گا۔ بیچ میں تقسیم ہند آ گیا۔ تقسیم ہند جب آیا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کی بڑی مہربانی ہو گی، باقی لوگ بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: آج کے لیے گزارش ہو گی۔ آج دے دیں، پھر میں ان شاء اللہ آپ سے اگلے دو ہفتے تقریر نہیں مانگوں گا بلکہ دو اجلاس نہیں مانگوں گا لیکن آج کے دن کی ایک تاریخی نوعیت ہے اور پتا نہیں شاید میری قسمت اچھی ہے کہ بارہ اگست کو اجلاس بلایا گیا ہے۔ اب پتا نہیں آگے بلایا جائے گا یا نہیں، تو اس لیے میں یہ تاریخ سب کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ جناب! تقسیم ہند آیا۔ باچا خان نے گاندھی کو خط لکھا کہ آپ نے جو میرے ساتھ promise کیا تھا، وہ آپ نے توڑ دیا ہے۔ ہماری جو movement تھی اس میں تقسیم ہند کا ذکر نہیں تھا بلکہ اُس میں انگریز سے آزادی کا ذکر تھا اور وہ ایک بڑا تفصیلی خط ہے لیکن اُس خط پر میں اس وقت مزید روشنی نہیں ڈالنا چاہتا۔

جناب! پاکستان بنتا ہے۔ 1943 میں انتخابات ہوتے ہیں، ایک دو تہائی اکثریت کی elected government بیٹھی ہوتی ہے اور پاکستان بننے کے اٹھارہ دن بعد وہ دو تہائی اکثریت والی حکومت توڑ دی جاتی ہے اور ایک تہائی والے قیوم خان کو حکومت دے دی جاتی ہے۔ جناب! یہ کڑیاں ہیں، اس لیے میں آپ سے زیادہ بات کرنا چاہتا ہوں۔ پارلیمان میں باچا خان آ کر تقریر کرتے ہیں اور وہ تقریر on record

ہے۔ اس سب کے باوجود کہ حکومت چھین لی گئی اور ایک تہائی والوں کو حکومت دے دی گئی، باچا خان پھر بھی اُسی پارلیمان میں جا کر تقریر کرتے ہیں کہ میں مانتا ہوں کہ میں تقسیم ہند کے خلاف تھا لیکن جب پاکستان بن گیا ہے تو اب یہ ایک حقیقت ہے اور اس حقیقت کو چلو سب مانتے ہیں تو آؤ، مل کر پاکستان کو آگے بڑھاتے ہیں تو میری صرف یہ التجا ہے کہ ہر قوم کا اپنے وسائل پر اپنا حق ہو۔ میرا خیال ہے کہ جس کو آج کل ہم صوبائی خود مختاری کہتے ہیں۔

جناب! کچھ ہفتوں بعد باچا خان اور قائد اعظم کی ملاقات ہوتی ہے۔ باچا خان قائد اعظم کو invitation دیتے ہیں کہ آپ ہمارے مرکزِ عالیہ آئیں اور ہم آپ کی مہمان نوازی کرتے ہیں اور خدائی خدمت گار آپ کے ساتھ مل کر اس پاکستان کی ترقی میں کام کرے گی۔ وہ دعوت قبول ہوتی ہے اور تاریخ طے ہو جاتی ہے۔ جس دن قائد اعظم صاحب نے آنا ہوتا ہے تو خدائی خدمت گاروں نے انہیں لانے کے لیے پشاور ایئرپورٹ سے سردریاب تک پورے راستے میں لال جھنڈے لگائے اور ایک جشن ہے کہ جناب قائد صاحب آئیں گے اور ہم ان شاء اللہ ایک نئی شکل میں آگے بڑھیں گے تو قیوم خان آتے آتے کان میں بولتے ہیں کہ اگر آپ جاؤ گے تو خدائی خدمت گار آپ کو مار دیں گے۔ تو فوراً، اُسی وقت جناب قائد اعظم refuse کرتے ہیں کہ میں نہیں آ رہا اور اُدھر خدائی خدمت گار، جو جشن کے ماحول میں تھے، قدرتی بات ہے کہ پختون ہیں، روایات رکھتے ہیں، تو وہ جذبہ جشن سے ایک strike کی شکل میں بدل گیا۔ جب strike کی شکل میں بدلتا ہے تو باچا خان سمیت خدائی خدمت گاروں کو گرفتار کر لیا جاتا ہے۔ بارہ اگست 1948 چونکہ اب تاریخ سے مٹ چکا ہے۔ ادھر تو ہمیں جو معاشرتی علوم میں پڑھایا جاتا ہے کہ ماشاء اللہ آپ نے 1965 کی جنگ بھی جیتی ہوئی ہے، 1971 کی جنگ بھی جیتی ہوئی ہے ماشاء اللہ۔ جناب! اِدھر معاشرتی علوم میں تو ہیرو ہے لیکن یہ تاریخ مٹی ہوئی ہے۔ جناب! بارہ اگست کو خدائی خدمت گار فیصلہ کرتے ہیں، یہ تھوڑی توجہ طلب بات ہے کہ نہ سڑک پر، نہ کسی میدان پر حملہ، نہ کسی دفتر پر حملہ، نہ کوئی قائد اعظم کا گھر۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ یاد رکھیں کہ یہاں پر بڑے تاریخ دان بیٹھے ہیں جیسے کہ عرفان الحق صدیقی صاحب، شیری رحمان صاحبہ۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جی ان شاء اللہ۔ اس پر بات کر لیں، مجھے مزہ آئے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پھر میں نے کہا کہ آپ کو تصحیح نہ کرنی پڑے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! اللہ نہ کرے۔ وہ بھی اس پر بات کریں۔ میرے لیے وہ کیا دن ہوگا۔ قسم خدا پاک کی کہ میں جشن مناؤں گا کہ جب پنجاب سے اور سندھ سے شہدائے بابڑہ کے لیے آواز اُٹھے گی۔ واہ جناب! آپ نے کمال کی بات کی ہے۔ اُس وقت سپین ملنگ

leading roleادا کرتا ہے اور فیصلہ کرتا ہے کہ خدائی خدمت گار بابڑہ، چارسدہ کے ایک گاؤں کے ایک میدان میں اکٹھے ہوں گے اور وہاں امن کے لیے ایک پیغام دیں گے اور امن کے جھنڈے اُٹھائیں گے اور اپنی ریاست سے یہ سوال کریں گے کہ انگریز سے آزادی حاصل کرنے میں تو ہم نے بڑی قربانیاں دیں ہیں، آج انگریز سے ملک آزاد ہے، دو دن بعد آپ جشن آزادی منا رہے ہو اور ہمارے سارے لیڈران جیل میں ہیں۔ لہٰذا اس آزادی میں اُن کا بھی حق ہے تو اُن کو باہر نکالیں۔

تو جناب ! کیا ہوتا ہے کہ ہمارے [1][***] گولیاں برساتی ہیں۔ آج رات کی تاریکی میں ڈرامے ہوتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ ہوائی فائر کر دیا ہے، کوئی کہتا ہے کہ زمینی فائر کر دیا ہے۔ نہ مردے ملتے ہیں، نہ شہید ملتے ہیں اور کچھ بھی پتا نہیں چلتا۔ جناب ! چھ سو سے زائد بندے یوم بابڑہ، بارہ اگست کے دن بابڑہ کے میدان میں شہید ہوتے ہیں اور اُن کو شہید کرنے والے [***] تھی۔ آگے سنیں ! حکم آتا ہے کہ تب تک ایک بھی dead body نہیں اُٹھے گی جب تک حساب کتاب نہیں ہو جاتا کہ اس پر ریاست کی گولیاں برسی ہیں اور اس پر ریاست کا خرچہ ہوا ہے۔ لہٰذا اس خرچہ کا جرمانہ سمجھ کر جس جس میت کے گھر سے جرمانہ جمع نہیں ہوتا، اُس میت کو یا اس شہید کو اُس میدان سے نہیں اٹھا سکتے۔ اُس میں غریب لوگ تھے۔

باچا خان نے یہ حکم نہیں دیا کہ حملہ کرو۔ اُس نے جیل سے حکم دیا کہ اتمان زئی میں فلانی جگہ میں میرے بیٹے کی زمین کے سامنے میری اَسی جریب زمین ہے، چالیس ایکڑ، اُس کی یہ رقم بنتی ہے تو اُس زمین کو بیچ کر یہ فیس جمع کرواؤ اور اُن کو بولو کا اپنے شہداء کو اٹھاؤ۔ پھر کیا ہوتا ہے، ہماری غمی خوشی کھلے عام ہے اور کوئی چھپ کر نہیں ہے۔ جناب ! ہمارا کوئی ایسا نکاح ہی نہیں ہے جو چھپ کر ہو، ہمارے ہاں تو الحمد للہ سب کچھ کھلے عام ہوتا ہے۔ تو میتوں والے ہر گھر پر تیسرے دن سرکاری بینڈ بھجوایا جاتا ہے کہ جس جس گھر میں دعا ہو رہی ہو تو اُس گھر کے باہر سرکاری بینڈ اور باجے بج رہے ہوں۔ کیا یہ کربلا ہے کہ نہیں ہے؟ کیا یہ ظلم کی انتہا ہے کہ نہیں ہے؟ آتے ہیں، ہم پشتو میں گھڑونج کہتے ہیں، مٹکے جو ہوتے ہیں، گول گول، کبھی اوپر، ابھی ابھی گزرے ہیں۔ پچھلے دور میں ایسے تھے ابھی ایسے ہیں، الحمد للہ یہ چلتا رہتا ہے۔ ہماری قسمت ہے کہ ابھی ایک ہی طرف۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا وقت پورا ہو گیا ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب ! کوئی وقت fix ہے؟

[1] *"Words expunged as ordered by the Chairman.".*

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی fix ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: مجھے دو منٹ دے دیں، بڑی تاریخی بات ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، دو منٹ نہیں ہیں۔ کوئی تاریخی بات نہیں ہے۔ آپ کی بڑی مہربانی۔

سینیٹر ایمل ولی خان: مجھے بس wind up کرنے دیں۔ ہمارے لیے یہ نہ کوئی سیاست چمکانا ہے، ہمارے لیے یہ نہ کوئی چوری ڈکیتی ہے۔ چوری ڈکیتی ہر حکومت میں ماشاءاللہ، جو بھی آتا ہے چھ ارب، سات ارب، آٹھ ارب اور پھر پتا بھی نہیں چلتا۔ (T17 پر جاری ہے)

T17-12th Aug2025 Abdul Ghafoor/ED: Mubashir 7:00PM

سینیٹر ایمل ولی خان: (جاری۔۔۔) ہمارے لیے یہ نہ کوئی سیاست چمکانا ہے۔ ہمارے لیے یہ نہ کوئی چوری ڈکیتی کی ہے۔ وہ چوری ڈکیتی ہے ہر حکومت میں ماشاءاللہ جو بھی آتا ہے، چھ ارب، سات ارب، آٹھ ارب اور پھر پتا بھی نہیں چلتا اور بڑے تو ایسے آ جاتے ہیں صرف عہدے والے time ہمیں دیکھتے ہیں پھر نہ بعد میں ہوتے ہیں نہ پہلے ہوتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری آپ سے گزارش ہے کہ یہ پرانی باتیں ہیں۔ یہ تاریخ کا حصہ ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: آج تک حق نہیں ملا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آگے کے لیے ہم نے بات کرنی ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: یہی تو مسئلہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہی تو ہم چاہ رہیں کہ پرانی باتیں۔۔۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جس دن پاکستان میں 12 اگست کے یوم شہداء کو حق ملا، یہ سب خوش ہوں گے، ورنہ حق نہیں ملے گا۔ان کرسیوں پر جو بھی بیٹھیں گے جو بھی کردار ادا کریں گے وہ ا، ب، ج ہو sorry to say کردار ایک ہی ہوگا۔ میں منسٹر صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ منسٹر صاحب 12 اگست 1948 کا جبر ہے۔ کیا ہم حق کے قابل ہیں کہ نہیں؟ بس بھول جاؤ۔ ادھر بھی وہی آواز ملے گی کہ [2][****] عورتوں کو بولتے ہیں کہ اور بچے پیدا کرو ناں۔ کیا مسئلہ ہے اگر بچے مر گئے؟ ایسی باتیں نہیں ہونی چاہیں۔ یہ تو زخموں پر آپ نمک چھڑکتے ہیں بلکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے زخموں پر آپ پٹیاں لگائیں۔ یہ ادارے یہ corridors پٹیاں لگائیں۔

[2] *[Words expunged as order by the Chair]*

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس Chair کے پاس بھی یہ اختیار ہے، مائیک بند کرنے اور کھولنے کے علاوہ، اِس کو تقریر کو دینے کو اُس کو تقریر دینے کے علاوہ کہ یہ Chair اختیار مند ہے کہ اتنا بڑا public مسئلہ ہو تو اس پر ایک ruling دے دے کہ جس Supreme Court میں کیس بغیر سنے بند کیا گیا ہے اس کو re-open کر دو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر جمہوری انداز میں re-open رہے تو یہ حکومت کے پاس اختیار ہے۔آپ کو appreciate کرنا چاہیے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: اگر آپ سمجھتے ہیں کہ انسانیت کا جنازہ اُٹھ گیا ہے۔آپ اس کیس کو re-open کردیں، پھر ہمیں آپ کہتے ہیں کہ 14 اگست کو جشن مناؤ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، ہم نے جواب بھی لینا ہے، بہت شکریہ۔ مغرب کی نماز کا وقت ہو رہا ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جشن آزاد لوگ مناتے ہیں اور جو سمجھتے ہیں کہ وہ آزاد ہیں، پرسوں سب جشن منائیں، سب کو مبارک ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، بہت شکریہ۔

سینیٹر ایمل ولی خان: مجھے تو التجا بھی مشکل سے کرنی پڑ رہی ہے اور وہ بھی پوری نہیں کرنے دے رہے۔آپ کے سامنے حکومت ہم نے کہا تھا کہ judicial inquiry commission بنائیں۔آپ نے وزیر صاحب کو حکم دیا کہ وزیر صاحب اس پر judicial inquiry commission بنائیں۔آج تک وہ commission نہیں بنا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے یقین ہے کہ آپ پندرہ منٹ بعد گلہ کرکے بیٹھیں گے۔ تقریر بھی کریں گے گلہ بھی کریں گے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: نہیں، گلہ نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اچھا۔

سینیٹر ایمل ولی خان: میں حکومت کو صرف یہ بتانا چاہ رہا ہوں کہ اب اداروں کی باتیں ختم آپ کی پارٹی سمیت پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ (ق)، JUI، جماعت اسلامی، name it, every party of Pakhtunkhwa 23 تاریخ کو اسلام آباد آ رہے ہیں۔ ہمیں اپنے امن کے ضامن بھی چاہیے۔ اگر ہماری امن کی کنجی حکومت کے ہاتھ میں ہے تو حکومت سے لیں گے۔اگر ہماری امن کی کنجی[3] [****] کے ہاتھ میں ہے تو [****] سے لیں گے۔ جس سے بھی ہوگا enough is enough ہم مزید اس کو برداشت نہیں کر

[3] *[Words expunged as order by the Chair]*

سکتے۔آج باجوڑ میں آپریشن ہے۔آج باجوڑ سے لوگ اپنے گھروں سے نکل مکانی کر رہے ہیں اور آپ کہتے ہیں جشن مناؤ۔ مناؤ جشن، مبارک ہو جو آزاد ہیں ان کو آزادی مبارک ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، میری آفس سے گزارش ہے کہ ایوان کے اندر بغیر کسی ثبوت کے ہر چیز میں[4] ف[****] کا نام، [****] کا نام اور ایمل صاحب صرف یہاں پر سینیٹر نہیں ہیں بلکہ ایک بڑی پارٹی کا سربراہ بھی ہیں۔ماشاءاللہ آپ کا ایک status بھی ہے تو اس طرح کے الزامات مناسب نہیں ہیں۔[****] کا نام لے لے کر اس کو ہم اجلاس کی کارروائی سے expunge کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، دانش کمار صاحب پلیز۔

**Point raised by Senator Danesh Kumar regarding lack of media coverage of independent day celebrations in Balochistan**

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ۔ کل اقلیتوں کے حوالے سے پورے پاکستان میں Minority Day celebrate کیا گیا اور میں آج بہت زیادہ خوش ہوں۔

(اس موقع پر ایوان میں نماز مغرب سنائی دی گئی)

سینیٹر دنیش کمار: کل Minority Day پورے پاکستان میں منایا گیا۔ میں خوشی کا اظہار کرتا ہوں کہ اس ایوانِ بالا سے پوری دنیا کو ایک مثبت پیغام گیا جس انداز سے آج ایوانِ بالا نے میری قرارداد کو متفقہ طور پر منظور کیا گیا اور اس میں کہا گیا کہ ہم پاکستان کے غیر مسلم اقلیتی برادری پاکستان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہیں تو جناب یقین جانیں کہ میرا۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کبھی کبھی یقین کرنا بھی چاہیے جو اس طرح کے اچھے کام ہوں۔

سینیٹر دنیش کمار: نہیں، جناب! کبھی کبھی کیوں ہمیشہ کرنا چاہیے۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے جھنڈے میں جو سفید رنگ ہے وہ ہماری اقلیتوں کا ہے۔ آج اس ایوانِ بالا نے ثابت کر دیا کہ سفید حصے کی بھی اتنی عزت ہے جتنی گرین حصے کی ہے۔ میں یہاں پر پاکستان کی ایک کروڑ اقلیتی برادری کی طرف سے ایوانِ بالا کا شکر گزار ہوں اور خصوصاً میں Chair کا شکر گزار ہوں کہ آج کے دن تاریخی طور پر Minority Caucus کا اعلان کیا گیا ہے، جس کی بہت زیادہ ضرورت تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تاریخی اقدام جس طرح سے سید یوسف رضا گیلانی صاحب نے Women Caucus کے لیے کیا تھا اور اب Minority Caucus کا جو قیام ہو رہا ہے یہ بھی ایک تاریخی سنگِ میل ثابت ہوگا۔

---

[4] *[Words expunged as order by the Chair]*

جناب والا! آج میں آپ کا زیادہ time نہیں لینا چاہتا ہوں تارڑ صاحب ایک میری عرض سن لیجئے گا پاکستان میں یکم اگست سے لے کر پورا مہینہ "معرکہ حق" اور "یومِ آزادی" کے حوالے سے تقریبات کا سلسلہ جاری ہے۔ پورے ملک میں گہما گہمی ہے۔ مگر آپ بھی son of soil ہیں، بلوچستان کے بیٹے ہیں، میں بھی بیٹا ہوں۔ میں آپ کو بتا دوں ابھی بھی challenge سے میں بتا دیتا ہوں کہ جتنا جوش و ولولہ، جتنی تقریبات بلوچستان میں منعقد کی جا رہی ہیں پاکستان کے کسی حصے میں نہیں اتنا جوش و جذبہ آپ کو نہیں ملے گا۔ ولولہ آیا ہے وہاں پر وہاں پر جوش ہے۔ میرا آپ سے گلہ ہے۔ میرا دوستوں سے گلہ ہے۔، میرا وزارتِ اطلاعات و نشریات سے گلہ ہے کہ وہ بلوچستان کے لوگوں کا یہ جوش و ولولہ پاکستان کو نہیں دکھا رہے، انہوں نظرانداز کر رہے ہیں۔

اب بھی میں دعوے سے کہتا ہوں کہ جائیں دیکھیں کہ کوئٹہ کس طرح دلہن کی طرح سبز پرچموں سے سجا ہوا ہے، چاروں طرف چراغاں ہے۔ صرف کوئٹہ کی بات نہیں، آپ بلوچستان کے کسی بھی حصے میں جائیں تو آپ کو لاہور سے زیادہ گہما گہمی ملے گی، لاہور سے زیادہ پاکستان سے محبت ملے گی ہمیں صرف بدنام کیا جاتا ہے۔ بلوچستان کے لوگوں کو کہا جاتا ہے کہ وہ چند مٹھی بھر شدت پسند عناصر ہیں ان کا نظریہ بلوچستان کا نظریہ نہیں ہے۔۔۔آگے جاری۔(T-18)

T18-12Aug2025 Tariq/Ed: Waqas. 07:10 pm

سینیٹر دنیش کمار۔۔۔جاری۔۔۔ چند مٹھی بھر شدت پسند عناصر کا نظریہ بلوچستان کا نظریہ نہیں ہے، بلوچستان کے لوگ پاکستان سے محبت کرتے ہیں اور وہ پاکستان کے لیے جان دینا بھی جانتے ہیں اور جان لینا بھی جانتے ہیں۔

جناب چیئرمین! بلوچستان کے لوگ افغانستان اور ایران دو سرحدوں کی حفاظت کر رہے ہیں، جب وہاں سے دراندازی ہوتی ہے تو بلوچستان کے لوگ سینوں پر گولیاں کھا کر انہیں روکتے ہیں۔ بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں اگر کوئی بلوچستان کے لوگوں پر کسی قسم کا الزام لگاتا ہے تو میں بد تمیزانہ لفظ بولوں گا کہ وہ بکتا ہے۔ آپ جب بھی دیکھیں بلوچستان کے لوگ ہر آزمائش میں سب سے آگے ہوتے ہیں۔ ابھی بھی میری منسٹر صاحب سے درخواست ہے کہ آپ national media سے کہیں کہ وہ بلوچستان کا کونہ کونہ دکھائیں تاکہ ہمارے دشمنوں کو یہ پیغام جائے کہ کس انداز سے معرکہ حق اور یوم آزادی کی تقریبات بلوچستان میں منائی جا رہی ہیں اور ان کا propaganda ان کے اپنے منہ پر تماچہ بن کر لگے۔

جناب چیئرمین ! ابھی آپ نے national media کے حوالے سے ruling دیتی ہے کہ وہ صرف ranking کے چکر میں بڑے بڑے شہروں صرف لاہور، پنجاب یا سندھ کی تقریبات دکھاتے ہیں، بلوچستان کے لوگوں کا نقطہ نظر بھی پیش کریں، بلوچستان کے لوگوں کی ملک کے ساتھ پیار، محبت، وفاداری بھی پیش کریں تاکہ یہاں کے لوگوں کو بھی معلوم ہو کیونکہ جو negative باتیں ہوتی ہیں انہیں تو ایسے اچھال کر پیش کیا جاتا ہے کہ خدانخواستہ بلوچستان میں کیا ہونے جا رہا ہے۔ آپ positive باتوں کو بھی دیکھیں، وہاں پر جتنی بھی اقوام اور مذاہب کے لوگ ہیں وہ اس بات پر متفق ہیں کہ پاکستان ہماری جان ہے، اس کے لیے ہماری جان قربان ہے۔

جناب چیئرمین ! جس طرح سے معرکہ حق میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب نے جس بہادری سے انڈیا کے دانت کھٹے کیے ہیں یہ صرف حکومتی لوگ کہتے ہیں مگر جناب میں آپ سے حلفاً کہتا ہوں کہ ہمارے PTI کے دوست جب ہمارے ساتھ اندرون خانہ بیٹھتے ہیں تو وہ بھی سید عاصم منیر صاحب کی تعریفیں کرتے ہیں کہ وہ جوان کا بچہ ہے جس نے انڈیا کے دانت کھٹے کیے ہیں، وہ یہ بات مانتے ہیں مگر انہیں یہاں یہ بات کہتے ہوئے تھوڑی سی شرم محسوس ہوتی ہے، مجھے نہیں پتا ایسا کیوں ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ بات پھر آپ ان سے اکیلے میں پوچھ لینا کہ انہیں کیوں شرم محسوس ہوتی ہے۔ ابھی نماز کا وقت ہو چکا ہے۔ جی سینیٹر سید وقار مہدی صاحب۔

## Point of public importance raised by Senator Syed Waqar Mehdi regarding illegal raid of Customs personnel in different markets at Karachi

سینیٹر سید وقار مہدی: شکریہ، جناب چیئرمین ! ایک تو مجھے ایوان کو اور خاص طور پر ہمارے وزیر قانون صاحب کو یاددہانی کروانی تھی کہ آخری اجلاس میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب نے لاہور اور اسلام آباد ہائی کورٹس کے بارے میں ایک مسئلہ اٹھایا تھا کہ ان عدالتوں نے Standing Committees کو stay کیا ہے اور اس اجلاس میں یہ طے ہوا تھا کہ اٹارنی جنرل صاحب کو اگلے اجلاس میں یہاں بلایا جائے گا لیکن افسوس کہ وہ اس اجلاس میں موجود نہیں ہیں۔

جناب ایک تو مجھے یہ یاددہانی کروانی تھی اور توجہ بھی دلانا تھی۔ میں یہ بھی بتادوں کہ جب رضا ربانی صاحب چیئرمین تھے تو ان کی ایک ruling بھی ہے کہ کوئی بھی عدالتیں stay نہیں کر سکتیں اور میں آپ کو یاد دلاؤں کہ جب اسلام آباد کی local bodies کا case چل رہا تھا تو اعلیٰ عدلیہ نے الیکشن کمیشن سے کہہ کر notification جاری کروادیا تھا جو چیئرمین کی ruling کے بعد انہیں واپس لینا پڑا تھا۔ وہ ruling اس ایوان میں موجود ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی Monday or Tuesday کو اٹارنی جنرل صاحب بھی آ رہے ہیں اور اس کے علاوہ وزیر قانون صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب میں public importance کے حوالے سے ایک بات پر توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ کراچی کی مختلف مارکیٹوں پر کسٹمز کے ادارے نے بغیر کسی وارنٹ اور بغیر کسی کاغذات کے مختلف دکانوں پر آدھی رات کو چھاپہ مار کر دکانوں کے تالے توڑے، ان کا سامان نکالا اور قبضہ کرکے وہ سامان لے گئے۔ ان دکانوں میں ان کا بہت قیمتی سامان تھا جو بقول ان تاجروں کے انہوں نے وہ تمام سامان auction میں خریدا اور وہ تمام سامان documented ہے، جسے انہوں نے نہیں مانا اور اس کے بعد یہ ہوا کہ کسٹمز والوں کے ساتھ Rangers آئی تھی تو کسٹمز والوں نے ان پر تشدد کروایا اور انہیں لہولہان کیا گیا۔ اس کا نوٹس لیا جائے اور اس کی رپورٹ منگوائی جائے کیونکہ کل میں نے اپنی سینیٹ کی Standing Committee on Privilege میں بھی Chairman FBR کو اس بارے میں بتایا اور آج بھی میں نے منسٹر صاحب کو بتایا تھا، مجھے ابھی بولنے کا موقع مل رہا ہے اور منسٹر فنانس صاحب ابھی جا چکے ہیں، اس کا نوٹس لیا جائے اور FBR سے یا کسٹمز سے اس کی رپورٹ منگوائی جائے کہ یہ کیا واقعہ ہوا ہے، کن لوگوں کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، اس کی پوری تحقیقات ہونی چاہییں، بس میری اتنی سی گزارش ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر قانون صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ، کہ آپ نے سب کو موقع دیا، ہم تو اسی لیے بیٹھے تھے۔ سینیٹر دنیش کمار نے شکریہ ادا کیا ہے، دنیش صاحب یہ ہمارا فرض ہے، اس میں شکریہ کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ سب ہمارے لیے محترم ہیں اور آپ ہمارا حصہ ہیں۔ ہم ایک جسم ہیں، اس کے different limbs ہیں اور آپ اسی جسم میں دھڑکتے دل کا حصہ ہیں۔

جناب چیئرمین! سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب نے request کی تھی کہ اٹارنی جنرل کی statement ان کی presence میں ہو تو وہ بیرون ملک ہیں۔ ان کی درخواست پر پیر 18 اگست کو اٹارنی جنرل صاحب نے کہا ہے کہ وہ یہاں آ کر آپ کو آگاہ کریں گے۔ دوسری بات جو سینیٹر وقار مہدی صاحب نے کی ہے اس بابت مجھے FBR سے جو معلومات ملتی ہیں کہ انہوں نے جو process adopt کیا، کس وجہ سے ہوا، اس کی تفصیل میں آپ کو دے دوں گا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ذرا وزارت اطلاعات اور قومی میڈیا کو بھی پابند بنائیں کہ 14 اگست کے حوالے سے پورے ملک میں جو تقریبات ہو رہی ہیں بالخصوص بلوچستان میں جو تقریبات ہو رہی ہیں انہیں صحیح coverage دی جائے۔ ایوان کی کارروائی 15 اگست بروز جمعہ، صبح 10:30 بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔

-------------------

*(The House was then adjourned to meet again on Friday, the 15th of August, 2025 at 10:30 a.m.)*

-------------------